Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14 | جمعرات 17 اکتوبر 2024ء 13 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 15 روپے | شمارہ 54

# سرحد پار دہشتگردی، انتہا پسندی، علیحدگی پسندی سے رابطے کا فروغ مشکل ہوگا، بھارتی وزیر خارجہ

## قرض کا بوجھ ایک سنگین مسئلہ ہے، دنیا پائیدار ترقی کے اہداف حاصل کرنے میں پیچھے ہے، ہمیں ایماندارانہ گفتگو کی ضرورت ہے، اعتماد کی کمی، دوستی اور اچھے ہمسائیوں کے اصولوں میں کوئی کمی ہے، تو خود احتسابی کرنی چاہیے

## کوویڈ نے ترقی پزیر ممالک کو سخت نقصان پہنچایا ہے، شدید موسمی واقعات، سپلائی چین کی غیر یقینی صورت حال اور مالیاتی عدم استحکام ترقی کی راہ میں حائل ہیں، دنیا کثیر قطبی نظام کی طرف بڑھ رہی ہے، جے شنکر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی وزیرِ خارجہ جے شنکر نے کہا ہے کہ سرحد پار دہشتگردی، انتہا پسندی، علیحدگی پسندی سے رابطے کا فروغ مشکل ہوگا، قرض کا بوجھ ایک سنگین مسئلہ ہے، دنیا پائیدار ترقی کے اہداف حاصل کرنے میں پیچھے ہے، ہمیں ایماندارانہ گفتگو کی ضرورت ہے، اعتماد کی کمی، دوستی اور اچھے ہمسائیوں کے اصولوں میں کوئی کمی ہے، تو خود احتسابی کرنی چاہیے۔ ایس سی او سربراہی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بھارتی وزیرِ خارجہ جے شنکر نے کہا کہ بھارت نے اس صدارت کو کامیاب بنانے کے لیے اپنی مکمل حمایت فراہم کی ہے۔ جے شنکر نے کہا کہ ہم ایک ایسے وقت میں مل رہے ہیں جب دنیا بھر میں حالات پیچیدہ ہیں، دو بڑے تنازعات جاری ہیں، جن کے عالمی اثرات مختلف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوویڈ نے ترقی پزیر ممالک کو سخت نقصان (بقیہ نمبر 1)

## سٹاک مارکیٹ میں تیزی 86 ہزار پوائنٹس کی حد ایک بار پھر بحال

## سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 86 ہزار 441 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کرنے لگا

کراچی (این این آئی) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں دوبارہ سے تیزی دیکھنے میں آئی ہے۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک مارکیٹ ایک بار پھر سے 86 ہزار پوائنٹس کی حد عبور کر گئی ہے۔ ٹریڈنگ کے دوران پاکستان سٹاک ایکسچینج میں 600 پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے جس کے ساتھ سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 86 ہزار 441 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ واضح رہے (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، شنگھائی کانفرنس اجلاس میں سربراہان مملکت شریک ہیں

# پائیدار ترقی علاقائی تعاون ضروری ہے، وزیراعظم

## تمام ممالک مل کر خطے کی معیشت کو بہتر بنا سکتے ہیں، ایس سی او اجلاس میں معنی خیز مذاکرات کا نتائج چاہتے ہیں، موجودہ صورتحال اجتماعی اقدامات کی متقاضی ہے، افغان سرزمین کا دہشت گردی کیلئے استعمال روکنا ہوگا، شہباز شریف

## معاشی تعاون بڑھانے کیلئے نئے راستے ڈھونڈنا ہوں گے، آنیوالی نسلوں کو بہتر مستقبل دینا عالمی رہنماؤں کی ذمہ داری، موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے درپیش خطرات اہم چیلنج، قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پائیدار ترقی کیلئے علاقائی تعاون اور روابط کا فروغ ضروری ہے، تمام ممالک مل کر خطے کی معیشت کو بہتر بنا سکتے ہیں، ایس سی او اجلاس میں معنی خیز مذاکرات کا نتائج چاہتے ہیں، موجودہ صورتحال اجتماعی اقدامات کی متقاضی (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف چینی وزیراعظم سے بات چیت کر رہے ہیں

### پیئرز کو فلسطینی یرغمالیوں کی حالت پر

### کوئی خوف نہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پیئرز کو غزہ میں نسل کشی، صہیونی جیلوں میں ہزاروں (بقیہ نمبر 7)

## سلامتی کونسل میں پاکستان کی دی گئی درخواست سے آگاہ ہیں، امریکا

## اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) سکھ رہنما کے قتل کے معاملے پر کینیڈا اور بھارت میں تنازع پر امریکا نے بھارت سے کینیڈا کے الزامات سنجیدگی سے لینے کا مطالبہ کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان امریکی محکمہ خارجہ میتھیو ملر نے پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ بھارت کینیڈا (بقیہ نمبر 9)

# دنیا پر باور کرایا کہ پاکستان میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے، عطا تارڑ

## پاکستان نے ایس سی او اجلاس کیلئے بہترین انتظامات کئے، کسی بھی ملک کے عوام اور اس کے سافٹ امیج کو بہتر بنانے میں ثقافت کا اہم کردار ہوتا ہے

## وفاقی وزرا اور فوکل پرسنز نے مختلف وفود کے ساتھ سرمایہ کاری اور تجارت کے حوالے سے معاملات طے کئے، وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطا تارڑ نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم سربراہ اجلاس کے لئے پاکستان نے بہترین انتظامات کئے، کسی بھی ملک کے عوام اور اس کے سافٹ امیج کو بہتر بنانے میں ثقافت کا اہم کردار ہوتا ہے، ہم نے دنیا پر (بقیہ نمبر 3)

### مراد علی شاہ سے اطالوی

### سفیر کی ملاقات، سندھ میں

### اطالوی زبان سکھانے پر اتفاق

کراچی (این این آئی) وزیر اعلی سندھ مراد علی شاہ سے اٹلی کی سفیر ماریلیا ارمیلن نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران این (بقیہ نمبر 5)

## ایس سی او اجلاس، مہمانوں کی کنونشن سنٹر آمد، پرتپاک استقبال

## پاکستان نے 27 سال بعد بڑے ایونٹ کی میزبانی کی، سیکرٹری ایس سی او سب سے پہلے پہنچے

اسلام آباد (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے 23 ویں سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے کنونشن سینٹر اسلام آباد میں عالمی رہنما کنونشن سنٹر پہنچ گئے۔ پاکستان 27 سال بعد بڑے ایونٹ کی میزبانی کر رہا ہے، سربراہان حکومت کے اجلاس میں شرکت کیلئے جناح (بقیہ نمبر 4)

# چینی وزیراعظم کا دورہ پاکستان سٹریٹجک شراکت داری کی اہم مثال ہے، چینی وزارت خارجہ

## ملاقاتوں کے دوران دونوں ممالک نے اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید فروغ دینے اور مشترکہ منصوبوں پر کام کرنے پر اتفاق کیا

## ملک میں موجود چینی اہلکاروں، منصوبوں اور اداروں کی مکمل حفاظت کیلئے انسداد دہشت گردی کے اقدامات کو تیز کیا جائے گا، ترجمان مانگ

بیجنگ (این این آئی) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان ما ننگ نے کہا ہے کہ چینی وزیر اعظم کا دورہ پاکستان، چین اور پاکستان کے دیرینہ دوستانہ تعلقات اور سٹرٹیجک شراکت داری کی ایک اہم مثال ہے جس کا مقصد دونوں ممالک کے مفادات کو فروغ دینا اور خطے میں استحکام کو برقرار رکھنا ہے۔ بدھ کو پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چین کے وزیر اعظم لی چیانگ کا حالیہ دورہ پاکستان دونوں ممالک کے درمیان گہرے تعلقات کا عکاس ہے اور یہ 11 سال بعد چین کے وزیر اعظم کا پہلا دورہ تھا، دورہ کے دوران لی چیانگ نے پاکستانی حکومت، پارلیمنٹ اور عسکری قیادت کے ساتھ وسیع پیمانے پر بات چیت کی جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ما ننگ کے مطابق اس دورے کے تین اہم مثبت نتائج سامنے آئے ہیں جن میں ایک (بقیہ نمبر 8)

# دبئی میں رہائش اور غیر ملکی امور کے جنرل ڈائریکٹوریٹ کو سرٹیفکیشن سے نوازا گیا

☆☆☆☆ جسے ہنگامی انتظام اور ردعمل کے حوالے سے سب سے اہم عالمی معیارات میں سے ایک سمجھا جاتا ہے ☆☆☆☆

## جنرل عزت مآب میجر جنرل محمد احمد المری نے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل عبید مہیر بن سورور کی موجودگی میں سیکیورٹی اور لچک کے شعبے میں ISO 22320 سرٹیفکیٹ حاصل کیا

دوبئی (عارف محمود قریشی اوورسیز بیورو چیف) دوبئی میں رہائش اور غیر ملکی امور کے جنرل ڈائریکٹوریٹ کو سیکیورٹی اور لچک کے شعبے میں ISO (22320) بین الاقوامی معیار جو کسی بھی خاص واقعہ کے ردعمل کے تقاضوں کی وضاحت کرتا ہے سرٹیفکیشن سے نوازا گیا ہے، جسے ہنگامی انتظام اور ردعمل کے حوالے سے سب سے اہم عالمی معیارات میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ برٹش اسٹینڈرڈز انسٹی ٹیوٹ (BSI) نے دوبئی ریذیڈنسی کو یہ سرٹیفکیشن اس وقت دیا جب اس نے ایئر پورٹس افیئر سیکٹر کے اندر سمارٹ کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کے ذریعے ایمرجنسی مینجمنٹ اور موثر ردعمل کے تمام تقاضوں اور معیارات کو پورا کیا۔ دوبئی میں جنرل ڈائریکٹوریٹ آف ریذیڈنسی اینڈ فارنرز افیئرز کے ڈائریکٹر جنرل عزت مآب میجر جنرل محمد احمد المری نے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل عبید مہیر بن سورور کی موجودگی میں سیکیورٹی اور لچک کے شعبے میں ISO 22320 سرٹیفکیٹ حاصل کیا ہے۔ دوبئی میں لیبر امور کی مستقل کمیٹی کے چیئر مین اور ایئر پورٹس کے امور کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر میجر جنرل طلال احمد الشنقیطی، اس کے علاوہ BSI کے ریجنل کمرشل ڈائریکٹر الیاس کرمپوکیس اور BSI میں ادارہ جاتی تربیت کے سربراہ تھابیت شامیہ بھی موجود تھے۔ عزت مآب میجر جنرل محمد احمد المری نیاظہار خیال کرتے ہوئیمیڈیا نمائندگان سے کہاہیکہ ہمیں ISO 22320 سٹیفکیٹ حاصل کرنے پر فخر ہے جو ہمارے تمام آپریشنز میں سیکیورٹی اور لچک کو بڑھانے کی ہماری کوششوں کے بین الاقوامی اعتراف کی نمائندگی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی ہماری دانشمند قیادت کی ہدایات کے مطابق ہےجس کا مقصد اعلیٰ ترین عالمی معیارات کے مطابق حکومتی کام میں عالمی سطح پر فضیلت حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہنگامی انتظام میں بہترین طریقوں کو لاگو کرنے اور تمام چیلنجوں کے لیے تیز رفتار اور موثر جواب کو یقینی بنانے کے لیے ہمارے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اپنی صلاحیتوں کو بڑھانے اور اپنی خدمات کو ترقی دینے کے لیے کام جاری رکھیں گے تا کہ امارات دوبئی میں اعلیٰ ترین سطح کی حفاظت اور حفاظتی اقدامات کو مؤثر اور یقینی بنایا جا سکے اور مقامی اور عالمی سطح پر اس کی پیروی کرنے کے لیے ایک ماڈل قائم کیا جا سکے۔ یہ قابل ذکر ہے کہ یہ سرٹیفکیشن دبئی ریذیڈنسی کی پوزیشن کو اعلیٰ ترین بین الاقوامی معیارات کو اپنانے میں ایک سرکردہ ادارے کے طور پر مضبوط کرتا ہے، اس کے تمام آپریشنز میں بہترین سطح کی حفاظت اور حفاظت کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔ ISO 22320 سرٹیفکیشن واقعہ کے انتظام کے لیے رہنما خطوط فراہم کرتا ہے اہم اصولوں جیسے کہ کردار اور ذمہ داریوں، وسائل کا انتظام، اور ایک مؤثر جواب کو یقینی بنانے کے لیے تعاون وغیرہ کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔

### عمران خان کو قید تنہائی میں رکھا گیا

### ہے، جمائما گولڈ اسمتھ کا الزام

اسلام آباد (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف اور سابق وزیر اعظم عمران خان کی سابقہ اہلیہ جمائما گولڈ اسمتھ نے الزام عائد کیا ہے کہ عمران خان کو اڈیالہ جیل میں قید (بقیہ نمبر 25)

### آئینی ترامیم پر ابتدائی اتفاق

### جمہوریت کی جیت ہے، شیری رحمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے آئینی ترامیم پر ابتدائی اتفاق اور مشاورت سے مزید آگے بڑھنے کے جذبے کو جمہوریت کی جیت قرار (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال سے ایرانی وزیر انڈسٹریز کی سربراہی میں وفد ملاقات کر رہا ہے

اسلام آباد، بیلاروس کے وزیراعظم شنگھائی تعاون میں شرکت کے بعد واپس روانہ ہو رہے ہیں

### لیاقت علی خان کی خدمات کو ہمیشہ

### یاد رکھا جائیگا، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ لیاقت (بقیہ نمبر 11)

### ڈی جی تعلقات عامہ سندھ کا محکمہ

### اطلاعات کے مختلف دفاتر کا اچانک دورہ

کراچی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ محکمہ اطلاعات سندھ محمد (بقیہ نمبر 12)

# ایس سی او اجلاس کا کامیابی سے انعقاد، اہم فیصلے کیے گئے، اسحاق ڈار

## اجلاس میں ایس سی او ممالک کے درمیان باہمی عزت واحترام سے بہتر اور پائیدار مستقبل کیلئے ساتھ چلنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا ہے، پریس کانفرنس

## تجارت کے لیے مقامی کرنسی اور پروجیکٹ فنانسنگ پر غور کیا گیا ہے، اجلاس میں ایس سی او کو جدید بنانے پر تبادلہ خیال ہوا ہے، سیکرٹری ایس سی او کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) اجلاس کا کامیابی سے انعقاد کیا گیا۔ سیکرٹری جنرل ایس سی او کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایس سی او اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے، 23 ویں ایس سی او سربراہی اجلاس کا انعقاد پاکستان کے لیے بڑا اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ تمام برادرانہ ممالک کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اس اجلاس میں شرکت کی، ہم (بقیہ نمبر 17)

## آئینی ترمیم کے لیے نمبر گیم پورا ہے، طارق فضل چوہدری

## راستوں کی بندش کی وجہ سے پہنچنے والی تکلیف پر لوگوں سے معذرت چاہتے ہیں، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ سیکیورٹی اس وقت پاکستان کا سب سے بڑا معاملا ہے، شنگھائی کانفرنس چل رہی ہے، (بقیہ نمبر 18)

وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ ملاقات کر رہی ہیں

### ترمیم مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلے کی

### وجہ سے لائی جا رہی، ڈاکٹر یاسمین

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما و سابق صوبائی (بقیہ نمبر 19)

### جو ٹیکس اکھٹا کیا قرض میں چلا

### گیا، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 20)

### ہمارے 2 سینیٹرز کو ہراساں

### کیا جا رہا ہے، سردار اختر مینگل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اختر مینگل نے کہا ہے (بقیہ نمبر 21)

## جہلم، گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف کامرس میں پیرنٹ ٹیچر میٹنگ

## والدین کو طلباء وطالبات کی تعلیمی کارکردگی کے متعلق آگاہ کیا گیا

جہلم (عارف محمود قریشی اوورسیز بیورو چیف) گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف کامرس بلال ٹاؤن میں ایک پیرنٹ ٹیچر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں بڑی تعداد میں والدین نے شرکت کی۔ والدین کو طلباء وطالبات کی تعلیمی کارکردگی کے متعلق آگاہ کیا گیا اور اساتذہ اور والدین نے طلباء کو پیش آنے والی مشکلات پر تفصیل سے تبادلہ خیال بھی کیا۔ ادارہ کے پرنسپل اور مشہور و معروف عالمی شاعر پروفیسر طارق عزیز نے کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد عاصم اور ڈپٹی کنٹرولر پروفیسر حمزہ سعید اور پروفیسر محمد علی کے ہمراہ تمام کلاسز کا وزٹ کیا۔ پرنسپل طارق عزیز نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء وطالبات کے لئے انعامات کا اعلان کیا۔ والدین نے طلباء کی کارکردگی کی بروقت اطلاع کے لئے پیرنٹ ٹیچر میٹنگ کے انعقاد کو شاندار الفاظ میں سراہا اور اپنے بچوں کی تعلیمی کارکردگی اور ادارے کی تعلیمی سرگرمیوں پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ ادارے کے سربراہ پروفیسر طارق عزیز اور کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد عاصم نے اپنے اساتذہ کی محنت، لگن اور بھرپور تعاون پر ان خراج تحسین پیش کیا۔

## مری، کرلوٹ رزینڈنشل کالج چھتر پارک اسلام آباد کے ہاسٹل طلبہ کے کلاس نہم کے طلبہ کا مری کا مطالعاتی دورہ

## مری پہنچنے پر پروفیسر قاری وقار عباسی نے طلبہ اور اساتذہ کو ویلکم کیا

مری (بیورو رپورٹ) کرلوٹ رزینڈنشل کالج چھتر پارک اسلام آباد کے ہاسٹل طلبہ کے کلاس نہم کے طلبہ نے گزشتہ دن مری کا مطالعاتی دورہ اپنے اساتذہ پرنسپل پروفیسر کامران رشید، پروفیسر محمد شفیع، ملک شاکر اعوان، سید راحت عباس، تحریم ذیشان کے ہمراہ کیا، مری پہنچنے پر پروفیسر قاری وقار عباسی نے طلبہ اور اساتذہ کو ویلکم کیا مری شہر پہنچنے کے بعد اپنے اپنے گروپ کے ہمراہ مری کے مختلف سیاحتی مقامات کا دورہ کیا اور موسم سے لطف اندوز ہوئے، اس موقع پر طلبہ کا کہنا تھا کہ آج کل راستوں کی بندش اور سیزن آف ہونے پر مری میں رش نہ ہونے کی وجہ سے خوب سیر سپاٹہ کیا اور مختلف کھانوں سے بھی لطف اندوز ہوئے بعد ازاں اپنے اساتذہ کے ہمراہ اپنے کالج روانہ ہوگئے

## پی ٹی آئی قیادت میں اختلافات کی افواہیں بے بنیاد ہیں، بیرسٹر سیف

## جھوٹے پروپیگنڈے سے مخالفین اپنے مذموم عزائم میں ناکام رہیں گے، بیان جاری

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر علی سیف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت میں اختلافات کی افواہیں بے بنیاد ہیں۔ ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ علی امین گنڈاپور اور حماد اظہر میں اختلافات کی خبریں من گھڑت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے بنیاد خبریں پی ٹی آئی کیخلاف منفی پروپیگنڈا کا حصہ ہیں۔ بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ جھوٹے پروپیگنڈے (بقیہ نمبر 30)

# ڈی جی ایل ڈی اے کی غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں بارے ٹھوس میکانزم بنانے کی ہدایت

## ہاؤسنگ سوسائٹی کی اپرول پراسیس کو ڈیجیٹل کیا جائے، اوورسلینگ کی روک تھام اور مانیٹرنگ کے لیے ٹھوس میکانزم بنایا جائے

## غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم کی تعمیرات روکنے اور مانیٹرنگ کے لیے ڈیجیٹل سسٹم پر کام شروع کیا جائے، ڈی جی طاہر فاروق کی ہدایت

لاہور (نمائندہ خصوصی) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی زیر صدارت ایل ڈی اے سی ایم پی ونگ کی ری سٹرکچرنگ بارے اجلاس (بقیہ نمبر 24)

# جہلم ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی کا میرا آوانہ روڈ کا دورہ

سڑک کی تعمیر میں معیار کا جائزہ لیا

## انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اشتیاق احمد اور متعلقہ افسران کے ساتھ روڈ کا یہ دورہ کیا

## تعمیر شدہ سڑک کے معیار کا جائزہ لینے کے ساتھ متعلقہ افسران کو علاقہ میں مواصلات کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے مزید اقدامات کی ہدایت کی

ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی میرا آوانہ روڈ پر کام کا جائزہ لیتے ہوئے

ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی اولڈ جی ٹی روڈ پر واکنگ ٹریک اور اکرم شہید پارک میں صفائی و تزئین و آرائش کے کام کا دورہ کرتے ہوئے

ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی عالمی یوم سفید چھڑی کے موقع پر آگاہی واک کی قیادت کر رہی ہیں


ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی وچلہ بیلا پل پر کام کی موجودہ صورت حال بارے بریفنگ لیتے ہوئے

ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی تحصیل جہلم کے علاقے جنگو رڑیالہ کو ماڈل ویلج بننے پر افتتاح اور تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی کی زیر صدارت رینٹ اسسمنٹ کمیٹی کا اجلاس جاری ہے

جہلم (عارف محمود قریشی اوورسیز بیورو چیف) ڈپٹی کمشنرسیدہ رملہ علی کا میرا آوانہ روڈ کا دورہ کرتے ہوئیسڑک کی تعمیر میں معیار کا جائزہ لیااور کہا کہ اس سڑک کی تعمیر سے درجنوں دیہات کو فائدہ ہو گا۔ انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اشتیاق احمد اور متعلقہ افسران کے ساتھ روڈ کا یہ دورہ کیا اور تعمیر شدہ سڑک کے معیار کا جائزہ لینے کے ساتھ متعلقہ افسران کو علاقہ میں مواصلات کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے مزید اقدامات کی ہدایت کی۔ میرا آوانہ روڈ 3.7 کلومیٹر لمبائی اور تقریباً چار کروڑ کی لاگت سے تعمیر کی گئی ہے جس سے اردگرد درجنوں دیہات کو آمد و رفت میں آسانی فراہم کی گئی ہے۔ جہلم کے حوالے سے عارف محمود قریشی اوورسیز بیورو چیف کی ڈائری سے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے باریمز یدرپورٹ کے مطابق میجر اکرم شہید پارک کو مزید خوبصورت اور دیدہ زیب بنائیں گے شہریوں کے لیے ایک بہترین پارک دستیاب ہوگا یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے اکرم شہید پارک میں صفائی اور تزئین و آرائش کے کام کا مشاہدہ کرتے ہوئے کہی انہوں نے میونسپل افسران کو فوری ہدایت کی کہ پارک میں شہریوں کی تفریح کے جھولے اور کھانے پینے کے سٹالز لگانے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ اولڈ جی ٹی روڈ پر واکنگ ٹریک جلد مکمل کیا جائے گا جہاں سینکڑوں پودے لگانے کے علاوہ شہریوں کو ایک بہترین تفریح گاہ میسر آئے گی یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے اولڈ جی ٹی روڈ پر تحصیل آفس کے بالمقابل واکنگ ٹریک کی بحالی کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر میونسپل افسران کو ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ واکنگ ٹریک کا کام تیزی سے مکمل کیا جائے بہترین شجر کاری اور بیٹھنے کے لیے بینچ لگائے جائیں۔ بصارت سے محروم افراد کے عالمی یوم تحفظ سفید چھڑی کے موقع پر جہلم میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ایک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے کی۔ واک ڈی سی آفس سے شیلوم سینٹر تک نکالی گئی جس میں مختلف ضلعی افسران، بصارت سے محروم سکول کے بچوں، اساتذہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بصارت سے محروم افراد ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور انہیں تمام بنیادی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت خصوصی افراد کو معاشی خود مختاری دینے کے لیے ہمت کارڈز فراہم کر رہی ہے جس کے ذریعے انہیں تمام ضروری سہولیات میسر ہوں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بصارت سے محروم افراد کو احساس کمتری سے بچانے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ حکومت بصارت سے محروم افراد کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ مزید برآں جہلم کے وچلہ بیلا پل کا کام تیزی سے جاری ہے، جس سے دریا کے بیلے میں مقیم درجنوں دیہاتوں کے افراد بآسانی آمد و رفت کر سکیں گے۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی کو پل کے دورے کے دوران بریفنگ میں بتائی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وچلہ بیلا پل کافی عرصے سے التوا کا شکار تھا لیکن حال ہی میں فنڈز جاری ہونے کے بعد اس کی تعمیر تیز رفتاری سے جاری ہے۔ پل کا 90 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ اس کے ساتھ 800 فٹ پل کے قریب تین کلومیٹر کی سڑک بھی دونوں اطراف بنائی جا رہی ہے جس سے اہل علاقہ کا دیرینہ اور اہم مطالبہ پورا ہو جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی نے پل کے کام کی رفتار میں مزید تیزی لانے اور اسے جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی یہ ترقیاتی منصوبہ مقامی آبادی کی سہولت کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ تحصیل جہلم کے گاں جنگو رڑیالہ کو ماڈل ویلج قرار دے کر ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے افتتاح کر دیا، اہل علاقہ کا پنجاب حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے اظہار تشکر، تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کے پروگرام ماڈل ویلجز کے تحت تحصیل جہلم کے علاقے جنگو رڑیالہ کو ماڈل ویلج قرار دے کر سیدہ رملہ علی ڈی سی جہلم نے گزشتہ روز افتتاح کر دیا، ماڈل ویلج پروگرام کے تحت دیہاتوں میں جدید شہری سہولیات فراہم کی جاتی ہیں جس میں پختہ گلیاں، سیوریج سسٹم، ماڈل سکول، ڈسپنسری سمیت دیگر سہولیات شامل ہیں افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈی سی جہلم نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایات پر دیہاتی علاقوں میں عوام کی زندگی میں بہتری لانے اور ان کو شہروں جیسی سہولیات دینے کیلئے ماڈل ویلجز پروگرام شروع کیا گیا جس میں منتخب کردہ دیہات کی تزئین آرائش اور جدید سہولیات کی فراہمی جاری ہے بہت جلد پنجاب کے ہر گاؤں کو ماڈل ویلجز بنایا جائے گا اس موقع پر علاقے کی سیاسی و سماجی شخصیات نے ڈی سی جہلم کا شاندار استقبال کیا اور جنگو رڑیالہ کو ماڈل ویلجز قرار دینے پر شکریہ ادا کیا۔ جہلم سیدہ رملہ علی کا بنیادی مرکز صحت سنگھوئی اور یونین کونسل سنگھوئی دفتر کا دورہ، سہولیات کا جائزہ، تفصیلات کے مطابق ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے بنیادی مرکز صحت سنگھوئی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے مرکز صحت کے عملہ، ادویات کی دستیابی اور دیگر بنیادی سہولیات بارے آگاہی حاصل کی جس کے بعد ڈی سی جہلم نے یونین کونسل دفتر کا بھی ددورہ کیا اور اہل علاقہ کے بنیادی دستاویزات کی تیاری، ریکارڈ اور یونین کونسل کے زیر اہتمام فراہم کردہ سہولیات بارے سیکرٹری یونین کونسل سے استفسار کیا، سرکاری املاک کے کرایہ جات کو قانون کے مطابق طے کیا جائے گا اور کسی کو حکومتی بقایا جات کی عدم ادائیگی پر رعایت نہیں دی جائے گی سرکاری دوکانوں کے کرایہ جات مارکیٹ سے بہت کم رکھے گئے ہیں اس کے باوجود کروڑوں کے بقایا جات ادا نہ کرنا قابل افسوس ہے ایسے عناصر کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا اور دوکانوں کی نیلامی کا سلسلہ جاری رہے گا یہ بات ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے رینٹ اسسمنٹ کمیٹی کے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، اجلاس میں بلدیہ جہلم اور ضلع کونسل کی پراپرٹی کے کرایہ جات، بقایا جات اور لیز ہولڈرز کے متعلق بریفنگ دی گئی۔

# ریپ ہوا یا افواہ پھیلائی گئی؟

## جس واقعے کی آڑ میں احتجاج، جلاؤ گھیراؤ اور جھڑپوں میں 27 افراد زخمی ہو گئے اس پر ہنوز پراسرار پردے پڑے ہوئے ہیں

**بہرہ مند**

چند روز قبل لاہور میں پنجاب کالج کے گلبرگ کیمپس نمبر 10 میں ایک مبینہ زیادتی کا کیس سامنے آیا، جس کے خلاف مذکورہ کالج کے طلبا نے گزشتہ روز آواز بلند کی تو پہلے کالج انتظامیہ کے سکیورٹی گارڈز کی جانب سے انہیں تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور بعد میں طلبا کو پنجاب پولیس گرفتار کرتی رہی۔ اب اس مبینہ زیادتی کے خلاف لاہور سمیت پنجاب کے دیگر شہروں میں طلبا سراپا احتجاج ہیں، لاہور میں پنجاب کالج کے مختلف کیمپس اور جی سی یونیورسٹی سمیت دیگر نجی کالجز اور یونیورسٹیز کے طلبا مبینہ زیادتی کے خلاف سراپا احتجاج ہیں، لاہور پولیس کی بھاری نفری چیئرنگ کراس پر تعینات ہے۔ دوسری جانب جہانیاں، ملتان، شیخوپورہ، رائے ونڈ، اوکاڑہ اور کاموکی میں بھی طلبا نے احتجاجی جلوس نکالے اور نعرے بازی کر کے سڑک بلاک کر دی، ملتان میں بوسن روڈ پر واقع کالج کے طلبا نے توڑ پھوڑ کی اور فرنیچر کو نقصان پہنچایا، جس پر پولیس نے لاٹھی چارج کر کے کئی طلبا کو حراست میں لے لیا۔

### پنجاب اسمبلی میں بھی ہنگامہ

مبینہ زیادتی کیس پر پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن اور حکومتی رکن کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا اپوزیشن کی جانب سے کرنل ریٹائرڈ ملک شعیب امیر نے جب حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا تو صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اس مبینہ زیادتی کیس پر سیاست نہ کی جائے کل اس کیس پر آدھا پاکستان غلط تشہیر کر رہا ہے اس پر 7 ایکس کی جعلی بنادی گئی ہے۔ اپوزیشن رکن ندیم قریشی نے اپنی تقریر میں حکومت کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ کیا ایک وزیر اعلیٰ ہی خاتون ہے، عزت صرف انہی کی ہے۔ کسی بچی کی کوئی عزت نہیں ہے۔ اگر بچی کے ساتھ زیادتی کا بیان حلفی لیا گیا تو ظلم ہوگا کسی کو تو نشان عبرت بنانے دیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ریت چلی ہے کسی کی جان چلی جائے تو اگلے لمحے معافی نامہ آجاتا ہے۔ دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر مقدمہ درج ہو جاتا ہے لیکن 23 سال کی بچی سے زیادتی پر مقدمہ درج نہیں ہوا۔ حیران ہوں وزراء کو نیند کیسے آتی ہوگی۔ پولیس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ لاہور میں افسوسناک صورتحال سامنے آئی جس کی وجہ ڈس انفارمیشن تھی، اطلاعات کے مطابق یہ سننے کو ملا کہ ایک نجی کالج کی طالبہ جس کے ساتھ مبینہ طور پر زیادتی کی گئی ہے اور اسے نجی اسپتال لے جایا گیا ہے، پولیس نے اس اسپتال کا ریکارڈ چیک کیا تو پتا چلا کہ زیادتی کی شکار کسی بھی لڑکی کو اس اسپتال میں داخل نہیں کیا گیا، دلچسپ بات یہ ہے کہ جس نجی اسپتال کا نام لیا جا رہا ہے وہاں میڈیکولیگل کیسز ڈیل نہیں کیے جاتے بلکہ اس اسپتال کی ایمرجنسی میں بھی ایسا کیس ڈیل نہیں کیا گیا، پولیس کے مطابق مذکورہ اسپتال کی تمام منازل چیک کرنے کے بعد یہ بات سامنے آئی ہے کہ مبینہ متاثرہ طالبہ کو اس نجی اسپتال میں نہیں لایا گیا، ابھی مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں، جلد مزید حقائق عوام کے سامنے رکھے جائیں گے۔ پنجاب پولیس بار بار کہہ رہی ہے کہ اس واقعہ کو ہوا دی جا رہی ہے مگر صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بتایا کہ پنجاب کالج انتظامیہ کو کہہ دیا ہے کہ طلبا نے اپنی بہنوں کے لیے آواز اٹھائی ہے اور یہ ان کا حق ہے۔ اگر کسی طالب علم کی رجسٹریشن منسوخ ہوئی تو وہ بطور صوبائی وزیر تعلیم کاروائی کریں گے۔ صوبائی وزیر تعلیم نے کہا کہ ان کی دانست کے مطابق پنجاب کالج گلبرگ کیمپس میں طالبہ سے جنسی زیادتی کا واقعہ پیش آیا ہے، انہوں نے بتایا کہ پنجاب کالج کے مذکورہ کیمپس کی رجسٹریشن معطل کردی گئی ہے اور بچوں کو دھمکانے والا پرنسپل نہیں رہے گا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کا کہنا تھا کہ طلبا نے کالج پرنسپل کیخلاف سی سی ٹی وی فوٹیج ڈیلیٹ کرنے کا الزام عائد کیا ہے، جس کی تحقیقات کی جائیں گی۔ یہ بچے مشتعل نہیں بلکہ پڑھے لکھے بچے ہیں۔۔۔۔ وہ خود ان کے ساتھ ہیں۔

### ’بچی سیڑھیوں سے گر گئی تھی‘ والد نے ریپ کی تردید کردی

لاہور کے نجی کالج میں طالبہ کے ساتھ مبینہ ریپ کی پولیس کے بعد ان کے اہلخانہ نے بھی تردید کردی، متاثرہ لڑکی کے مبینہ والد نے اے ایس پی شہربانو کے ہمراہ ویڈیو بیان میں کہا کہ ہماری بچی گھر کی سیڑھیوں سے گری تھی۔ گزشتہ روز صوبہ پنجاب کے دارالحکومت لاہور کے نجی کالج کی طالبہ کے مبینہ ریپ کی خبر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی اور ان الزامات پر ایک سکیورٹی گارڈ کو پولیس نے گرفتار کرلیا تھا۔ طالبہ سے مبینہ زیادتی کے خلاف کالج کے کیمپس کے طلبہ کا احتجاج پرتشدد شکل اختیار کر گیا، جلاؤ گھیراؤ اور تصادم کے نتیجے میں 28 افراد زخمی ہوئے جب کہ مظاہرین متاثرہ طالبہ کو انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کرتے رہے۔ احتجاج کرنے والے طلبہ اس موقف پر قائم ہیں کہ ایک نوجوان طالبہ کا مبینہ طور پر ریپ کیا گیا اور کالج کے پرنسپل پر حقائق چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تاہم مختلف سرکاری عہدیداروں کے درمیان واقعے سے متعلق اختلاف نظر آیا کہ آیا طالبہ کے ساتھ زیادتی کا واقعہ پیش آیا ہے یا نہیں۔ وزیر اطلاعات و نشریات پنجاب عظمیٰ بخاری اور پولیس کا ماننا ہے کہ ایسا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا پر چلنے والی ان خبروں کے بعد حکام نے اس نام کی تمام لڑکیوں کے گھروں میں پوچھ گچھ کی گئی لیکن ان سب نے اس بات سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے صحافیوں کے بتایا کہ چند عناصر جان بوجھ کر طالبہ کے ریپ سے متعلق سوشل میڈیا پر غلط معلومات پھیلا کر واقعے کو ہوا دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری طور پر مشتبہ سکیورٹی گارڈ کو حراست میں لیا جس نے دوران تفتیش ان الزامات کو مسترد کر دیا۔ دوسری جانب صوبائی وزیر تعلیم نے طلبہ کو یقین دہانی کروائی ہے کہ کالج انتظامیہ کے خلاف الزامات درست ثابت ہونے پر کارروائی کی جائے گی۔ پیر کو جاری کردہ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق، ڈائریکٹوریٹ آف پبلک انسٹرکشن (کالجز)، پنجاب نے نجی کالج کی رجسٹریشن کو اگلے احکامات تک معطل کر دیا ہے۔ ادھر، پنجاب گروپ آف کالجز کی جانب سے جاری بیان میں اس خبر کی تردید کرتے ہوئے کہا گیا کہ ریپ کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔

### تحقیقاتی کمیٹی تشکیل

پنجاب حکومت نے واقعے کی تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ وزیراعلیٰ آفس سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق اس کمیٹی کی سربراہی چیف سیکرٹری کریں گے، دیگر ممبران میں ایڈووکیٹ جنرل کے علاوہ، داخلہ، ہائر ایجوکیشن، اسپیشل ایجوکیشن اور ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹس کے سیکرٹریز بھی شامل ہیں۔ تحقیقاتی کمیٹی 48 گھنٹے میں اپنی رپورٹ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو پیش کرے گی۔

### پولیس رپورٹ درج نہیں کی گئی، عظمیٰ بخاری

واقعے سے متعلق ردعمل دیتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز واقعے کی لمحہ بہ لمحہ صورتحال کی رپورٹ حاصل کر رہی ہیں، انہوں نے کہا ہے کہ اگر اس واقعے سے متعلق کسی کے پاس بھی مصدقہ معلومات ہیں تو وہ حکومت کے ساتھ شیئر کرسکتا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ اب تک کسی بھی لڑکی نے پنجاب پولیس سے اس حوالے سے رابطہ نہیں کیا جبکہ آج ایک لڑکی کا نام سامنے آیا تھا تاہم اس نام والی تمام لڑکیوں کے گھر جا کر پوچھ گچھ کی گئی ہے لیکن انہیں ایسی کوئی متاثرہ لڑکی نہیں ملی ہے۔ وزیر اطلاعات نے اس واقعہ پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس جرم کا ملزم سکیورٹی گارڈ کل سے پولیس کی حراست میں ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شناخت ہونے کے باوجود لوگوں کو متاثرہ کے خاندان کا خیال رکھنا چاہیے اور ان کے پوسٹرز یا تصویریں دکھانے سے گریز کرنا چاہیے۔

### متاثرہ بچی کے والد کا بیان

اے ایس پی ڈیفنس شہربانو نقوی نے ایک ویڈیو بیان جاری کیا جس میں ان کے اطراف میں دو لوگ موجود تھے جن کے بارے میں بتایا گیا کہ وہ متاثرہ بچی کے رشتہ دار ہیں۔ اے ایس پی شہربانو کے ساتھ موجود دونوں افراد نے ویڈیو بیان میں اس قسم کے کسی بھی واقعے کی تردید کردی۔ ویڈیو بیان میں شہربانو نے دونوں افراد کو متعارف کرواتے ہوئے کہا کہ میرے ساتھ متاثرہ بچی کے والد اور چچا کھڑے ہیں۔ اے ایس پی کے ساتھ کھڑے ایک شخص نے کہا کہ لاہور کالج میں جو واقعہ ہوا ہے، اس کی سوشل میڈیا پر ویڈیوز وائرل ہو رہی ہیں اس میں ہماری بچی کا نام لیا جا رہا ہے لیکن اس میں ایسا کچھ نہیں ہے، ہماری بچی گھر کی سیڑھیوں سے گری جس سے ان کی کمر میں چوٹ آئی اور انہیں آئی سی یو لے جایا گیا۔



### تاحال ریپ کے واقعے کی تصدیق نہیں ہوئی، ڈی آئی جی آپریشنز

ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی آپریشنز) فیصل کامران نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ مبینہ متاثرہ بچی اور خاندان کو ڈھونڈنے کی کوشش جاری ہے، سوشل میڈیا پر زیر گردش افواہوں کے برعکس کسی بچے کی جان کو کوئی خطرہ نہیں اور کالج انتظامیہ اور طلبا کی مدد سے واقعہ کے حقائق جاننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام ہسپتالوں کا ریکارڈ اور کالج سی سی ٹی وی ریکارڈنگ چیک کی جا چکی ہے لیکن اب تک کسی مبینہ متاثرہ بچی کی نشاندہی نہیں ہوئی۔ فیصل کامران کے مطابق طلبا کی کالج کے سکیورٹی عملے سے مڈبھیڑ میں چند طلبا کو ہلکی چوٹیں آئیں ہیں اور زخمی طلبہ کو فوری طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ لاہور پولیس کالج انتظامیہ اور طلبہ سے مسلسل رابطے میں ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سوشل میڈیا پر جس سکیورٹی گارڈ کو مورد الزام ٹھہرایا گیا وہ پولیس کی حراست میں ہے البتہ کالج کے تمام کیمروں کا ریکارڈ چیک کیا گیا ہے اور تاحال واقعے کی تصدیق نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کرنے والے طلبہ سے مسلسل بات کر رہے ہیں اور کوئی مبینہ متاثرہ بچی کی نشاندہی نہیں کر پایا اور ہم واقعے کے حقائق تک پہنچنے کے لیے طلبہ کی ہر بات کو سن کر تحقیقات کر رہے ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے طلبہ سے واقعے کی معلومات کے حوالے سے مدد کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ واقعے سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات لاہور پولیس کے سوشل میڈیا پر ان باکس کر کے ہماری مدد کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ ثبوت ملتے ہی فوراً قانونی کارروائی کا آغاز کیا جائے گا اور کسی بھی قسم کی پیش رفت کی صورت میں فوراً سب کو مطلع بھی کیا جائے گا۔

### شوبز شخصیات کا ردعمل

پنجاب کے دارالحکومت لاہور کے کالج کی طالبہ سے سکیورٹی گارڈ کی جانب سے مبینہ ریپ کے واقعے پر شوبز شخصیات نے اظہار افسوس کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے سخت سزا دینے کا مطالبہ کردیا۔ تین روز قبل نجی کالج کے گلبرگ کیمپس میں سکیورٹی گارڈ کی جانب سے مبینہ طور پر فرسٹ ایئر کی طالبہ کو ریپ کا نشانہ بنانے کی خبر سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد پولیس نے سکیورٹی گارڈ کو گرفتار کرلیا تھا۔ بعد ازاں کالج طلبہ سمیت سماجی کارکنان کی جانب سے طالبہ کے مبینہ ریپ کے خلاف احتجاج بھی کیا گیا تھا، جس دوران پولیس نے 27 افراد کو حراست میں بھی لیا تھا۔ بعد ازاں پولیس اور متاثرہ بچی کے مبینہ والد اور دیگر رشتے داروں نے بچی سے ریپ کے واقعے کو جھوٹا قرار دیا تھا۔ واقعے کے بعد جہاں مختلف سیاسی و سماجی افراد نے اظہار افسوس کرتے ہوئے ملزم کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کیا وہیں متعدد شوبز شخصیات نے بھی واقعے پر اظہار برہمی کرتے ہوئے حکومت اور پولیس کو آڑے ہاتھوں لیا۔ سپر اسٹار ماہرہ خان نے بھی واقعے کی مذمت کرتے ہوئے احتجاج کرنے والے طلبہ کو انتظامیہ کی جانب سے ہراساں کیے جانے پر بھی اظہار برہمی کیا۔ اداکارہ امر خان نے طالبہ کے ریپ کے بعد احتجاج کرنے والے طلبہ پر تشدد کی ویڈیوز پر ردعمل دیتے ہوئے پولیس اور انتظامیہ کے عمل کو باعث شرم قرار دیا۔ اداکارہ نازش جہانگیر نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے دعا کی کہ خدا پاک تمام بچیوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔

### تحقیقات کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

پنجاب کے تعلیمی اداروں میں طالبات کے ساتھ پیش آنے والے واقعات کی تحقیقات کے لیے لاہور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ تعلیمی اداروں میں طالبات کو مبینہ ہراساں کرنے کے معاملے میں شہری اعظم بٹ نے لاہور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ پنجاب یونیورسٹی میں بچی کی مبینہ خودکشی کا واقع سامنے آیا، مقامی سرکاری یونیورسٹی میں طالبات نے ہراساں کیے جانے کے خلاف احتجاج کیا۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ نجی کالج میں بچی کے ساتھ زیادتی پر بھی احتجاج کیا گیا، پنجاب کے دیگر تعلیمی اداروں میں طالبات کی ہراسگی کے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ حکومت پنجاب کی جانب سے ان واقعات پر کوئی ایکشن نہیں لیا گیا، طالبات کا تحفظ کرنا حکومت پنجاب کی ذمہ داری ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت تعلیمی اداروں میں طالبات کی ہراسگی کے واقعات کی تحقیقات کا حکم دے اور حکومت پنجاب کو زیر تعلیم طالبات کے تحفظ کو یقینی بنانے کا حکم دیا جائے۔

### چیئرمین پی سی بی کا قذافی اسٹیڈیم کا دورہ

قذافی سٹیڈیم اپ گریڈیشن پروجیکٹ پر کام تیزی سے جاری ہے، بیسمنٹ مکمل اور فلورز کا کام شروع ہوگیا، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے تفصیلی دورے، پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے انکلوژرز کے تعمیراتی کاموں کا مشاہدہ کیا اور تعمیراتی معیار کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے کہا کہ پروجیکٹ کو ہر قیمت پر ڈیڈ لائن تک مکمل کرنا ہے، اس کیلئے پوری ٹیم کو دن رات کام کرنا ہوگا، انہوں نے اپ گریڈیشن پروجیکٹ پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو کام کے حوالے سے ہدایات دیں۔

### ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ کے اہم میچ میں نیوزی لینڈ نے پاکستان ٹیم کو شکست دیدی

آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ کے اہم میچ میں نیوزی لینڈ نے پاکستان کو شکست دے دی۔ دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں نیوزی لینڈ نے پاکستان کو 54 رنز سے شکست دیکر سیمی فائنل کھیلنے کا اہل بھی کرلیا۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے 111 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے پاکستان ویمن ٹیم 11.4 اوورز میں 56 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ فاطمہ ثنا 21 اور منیبہ علی 15 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں، انکے علاوہ کوئی پاکستانی بیٹر ڈبل فگر میں داخل نہ ہوسکی۔ نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تھا اور مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 110 رنز بنائے۔ سوزی بیٹس 28 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہیں۔ پاکستان کی طرف سے نشرح سندھو نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، عمیمہ سہیل، ندا ڈار اور سعدیہ اقبال نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

### انگلینڈ کی ٹیمی بومونٹ اور سری لنکا کے کمینڈو مینڈس آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ قرار

آئی سی سی نے ستمبر کیلئے پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ کا اعلان کر دیا۔ مردوں میں سری لنکا کے کمینڈو مینڈس اور خواتین میں انگلینڈ کی ٹیمی بومونٹ آئی سی سی پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ جیتنے میں کامیاب ہوگئیں۔ کمینڈو مینڈس نے ستمبر 2024 میں تین ٹیسٹ میچز میں 373 رنز بنائے اور 2 کیچ بھی پکڑے۔ انہوں نے ہم وطن پرباتھ جے سوریا اور آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ایوارڈ حاصل کیا۔ آئرلینڈ میں انگلینڈ کی سیریز میں شاندار کارکردگی پر ٹیمی بومونٹ کو ایوارڈ دیا گیا، انکے ساتھ آئرلینڈ کی ایمی میگوائر اور یو اے ای کی ایشا اوزا ایوارڈ کیلئے نامزد تھیں۔ بومونٹ نے ستمبر میں پانچ میچز میں 279 رنز بنائے، وہ فروری 2021 کے بعد آئی سی سی ویمنز پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ جیتنے میں کامیاب ہوئی ہیں۔

### شاہد آفریدی نے بابر، شاہین اور نسیم شاہ کو آرام دینے کے فیصلے کی حمایت کردی

انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے باقی 2 میچز میں بابر اعظم، شاہین اور نسیم شاہ کو شامل نہ کرنے پر شاہد آفریدی کا ردعمل سامنے آگیا۔ قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان نے سوشل میڈیا پر ایک بیان میں کہا کہ بابر اعظم، شاہین آفریدی اور نسیم شاہ کو انٹرنیشنل کرکٹ سے بریک دینے کے فیصلے کی حمایت کرتا ہوں۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف ان سینیئر کھلاڑیوں کے کیریئر کی حفاظت اور توسیع میں مدد ملے گی بلکہ نئے ٹیلنٹ کو جانچنے اور تیار کرنے کا بھی موقع ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سلیکٹرز کے اس فیصلے سے مستقبل کے لیے بینچ اسٹرینتھ کو مضبوط بنانے کا بھی موقع ملے گا۔

### دوسرا ٹیسٹ، پاکستان کی بیٹنگ لائن ایک بار پھر لڑکھڑا گئی، 259 رنز پر آدھی ٹیم آؤٹ

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان دوسرے ٹیسٹ کے پہلے روز گرین شرٹس کی بیٹنگ لائن ایک بار پھر لڑکھڑا کر سنبھل گئی۔ ملتان میں کھیلے جانے والے دوسرے ٹیسٹ میں پاکستان نے پہلے روز 5 وکٹوں کے نقصان پر 259 رنز بنالئے۔ پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بازی کا فیصلہ کیا تاہم اوپنر عبداللہ شفیق ایک بار پھر ناکام رہے اور 7 رنز بنا کر وکٹ گنوا بیٹھے، پاکستان نے پہلی وکٹ 15 رنز پر گنوائی جبکہ دوسری وکٹ 19 رنز پر گری جب کپتان شان مسعود 3 رنز بنا کے پویلین لوٹ گئے۔ اس کے بعد تیسری وکٹ پر صائم ایوب اور کامران غلام کے درمیان 149 رنز کی شراکت داری بنی۔ پاکستان کی تیسری وکٹ 168 رنز پر گری جب صائم ایوب 77 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ 10 رنز بعد ہی سعود شکیل 4 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔ کامران غلام نے ڈیبیو ٹیسٹ میں سنچری بنا کر ڈیبیو پر ٹیسٹ سنچری بنانے والے پاکستان کے تیرہویں بلے باز ہونے کا اعزاز اپنے نام کرلیا۔ وہ 118 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ محمد رضوان 37 اور سلمان علی آغا 5 رنز کے ساتھ کریز پر موجود ہیں۔ پاکستان آج 259 رنز پر اپنی اننگ دوبارہ شروع کرے گا جبکہ اس کی پانچ وکٹیں باقی ہیں۔

### فخر زمان کو بابر اعظم کی حمایت مہنگی پڑ گئی

قومی کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بلے باز فخر زمان کو سابق کپتان بابر اعظم کی حمایت مہنگی پڑ گئی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے فخر زمان کو بابر اعظم کے ڈراپ کیے جانے کے متعلق ٹویٹ کرنے پر شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔ فخر زمان نے انگلینڈ کے خلاف دوسرے اور تیسرے ٹیسٹ میچ سے سابق کپتان بابر اعظم کو ڈراپ کرنے کے سلیکشن کمیٹی کے فیصلے کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ بائیں ہاتھ کے ٹاپ آرڈر بلے باز نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں بابر اعظم کو ڈراپ کیے جانے کی خبروں کو باعث تشویش قرار دیا تھا۔ انہوں نے کا کہنا تھا کہ بھارت نے ویرات کوہلی کو 2020 سے 2023 تک تین سال خراب فارم کے باوجود ڈراپ نہیں کیا تھا۔ فخر زمان کو اپنے بیان کے متعلق وضاحت جمع کرانے کے لیے سات دنوں کی مہلت دی گئی ہے۔

### شکاگو میراتھن، پاکستانی ایتھلیٹس کی شاندار کارکردگی

پاکستانی ایتھلیٹس نے 2024 شکاگو میراتھن میں شاندار مظاہرہ پیش کیا، جس میں 000,50 سے زائد شرکاء نے حصہ لیا۔ پاکستانی دستے کی قیادت محمد امین ندیم ملک کر رہے تھے، جنہوں نے متاثر کن 32:44:2 میں میراتھن مکمل کی، 000,50 سے زیادہ رنرز میں مجموعی طور پر 761 واں مقام حاصل کیا جس کے بعد وہ اس سال کے ایونٹ میں تیز ترین پاکستانی بن گئے ہیں۔ ان کے بعد سید صادق حسین شاہ تھے، جنہوں نے 24:52:2 میں ریس مکمل کی، اور پاکستانی نژاد امریکی زورنیازی، جنہوں نے 26:53:2 میں دوڑ مکمل کی۔ ایک اور مضبوط کھلاڑی شہریار خورشید نے 3 گھنٹے کی رکاوٹ کو توڑتے ہوئے 22:57:2 میں مقررہ فاصلہ طے کیا۔ پاکستانی خواتین شرکاء میں سارہ ظہور لودھی 54:45:3 کا فاصلہ طے کر کے سب سے تیز ترین بن کر ابھریں۔ ان کے بعد ثمینہ خان تھیں، جنہوں نے 47:52:3 میں اور نادیہ تمن، جنہوں نے 44:14:4 میں اس کو بنایا۔ شکاگو میراتھن میں پاکستانی رنرز کی کارکردگی ایتھلیٹکس میں ملک کی موجودگی کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔

### ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ

### جنوبی افریقہ کی ٹیم بنگلہ دیش کا دورہ کرے گی

جنوبی افریقہ کی ٹیم رواں ماہ کے تیسرے ہفتے میں بنگلہ دیش پہنچے گی جہاں دونوں ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلی جائے گی۔ سیریز کا پہلا میچ 21 سے 25 اکتوبر تک میرپور میں کھیلا جائے گا جبکہ دوسرے ٹیسٹ میچ کی میزبانی چٹوگرام 29 اکتوبر سے 2 نومبر تک کرے گا۔

### شعیب ملک کے ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ پی سی بی بننے کی افواہیں

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ عثمان واہلہ کی جگہ اس پوزیشن کے امیدوار ہیں جن میں سابق کپتان اور چیمپئنز کپ کے مینٹور شعیب ملک بھی شامل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شعیب ملک عثمان واہلہ کی جگہ پی سی بی کے ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ بننے کے لئے کوشاں ہیں، تاہم سابق کپتان کے قریبی ذرائع اسے درست تسلیم نہیں کرتے، ان کا کہنا ہے کہ شعیب ملک کسی ایسی فل ٹائم ملازمت میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتے، وہ چاہتے ہیں کہ سیالکوٹ کا ہائی پرفارمنس سینٹر فعال کر کے ان کے حوالے کر دیا جائے، البتہ بورڈ نے ابھی انہیں کوئی واضح جواب نہیں دیا۔

### بھارت بمقابلہ نیوزی لینڈ، پہلا ٹیسٹ آج شروع ہوگا

بھارت کے دورے پر موجود نیوزی لینڈ کی ٹیم میزبان بھارت کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں آج میدان میں اترے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے سلسلے میں تین ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلی جائے گی جس کا پہلا ٹیسٹ آج بنگلورو میں شروع ہوگا۔ دوسرا ٹیسٹ پونے میں 24 سے 28 اکتوبر تک کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹیسٹ یکم سے 5 نومبر تک ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم کی قیادت ٹام لیتھم کریں گے جبکہ بھارتی ٹیم روہت شرما کی قیادت میں میدان میں اترے گی۔

### خیبر پختونخوا روایتی گیمز، لکی مروت میں تیر اندازی کے مقابلے اختتام پذیر

ڈائریکٹریٹ آف سپورٹس خیبر پختونخوا کے زیر اہتمام روایتی گیمز کے سلسلے میں ضلع لکی میں روایتی تیر اندازی کے مقابلے کرکی کا انعقاد کیا گیا جس میں لکی مروت سمیت دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے ایک سو کے قریب مقامی کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ تاجہ زئی لکی مروت میں منعقد ہونے والے تیر اندازی کرک کے مقابلے کا انعقاد "کھیل رہا ہے خیبر پختونخوا" کے سلسلے کا حصہ ہے۔ اختتامی تقریب میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں تیس ہزار اور بیس ہزار روپے کے کیش انعامات بھی تقسیم کیے گئے اس موقع پر تقریب کے مہمان خصوصی اے ڈی سی لکی مروت کامران، اسسٹنٹ کمشنر لکی مروت اسلام اور صوبائی سپورٹس ڈائریکٹوریٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن جمشید بلوچ مہمان خصوصی تھے جنہوں نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔

کھیل رہا ہے خیبر پختونخوا
TRADITIONAL GAMES
CASH PRIZE
30,000/- PKR

### بقیہ بقیہ جات 1

پہنچایا ہے، شدید موسمی واقعات، سپلائی چین کی غیر یقینی صورت حال اور مالیاتی عدم استحکام ترقی کی راہ میں حائل ہیں۔ بھارتی وزیر خارجہ نے کہا کہ قرض کا بوجھ ایک سنگین مسئلہ ہے، دنیا پائیدار ترقی کے اہداف حاصل کرنے میں پیچھے ہے

### بقیہ بقیہ جات 2

کہ گزشتہ کاروباری دن کے اختتام پر 579 پوائنٹس اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 85 ہزار 840 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 3

باور کرایا ہے کہ پاکستان میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے، پاکستان کے عالمی سطح پر تعلقات کے حوالے سے ایس سی او سربراہ کانفرنس سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو یہاں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان حکومت کے 23 ویں اجلاس کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔

### بقیہ بقیہ جات 4

کنونشن سینٹر میں پہنچے والے سربراہان حکومت اور مندوبین کا استقبال وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کیا۔ ایس سی او کے سیکرٹری جانگ منگ اور ایران کے وزیر صنعت سید محمد اتابک سب سے پہلے جناح کنونشن سینٹر پہنچے جہاں وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ان کا استقبال کیا۔ منگولیا کے وزیر اعظم ایون اردین کے کنونشن سینٹر پہنچنے پر وزیر اعظم شہباز شریف نے ان کا استقبال کیا۔ بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر اور ترکمانستان کے وزیر اعظم کنونشن سینٹر پہنچے تو وزیر اعظم شہباز شریف نے خوش آمدید کہا۔ روس کے وزیر اعظم میخائل مشوستن کنونشن سینٹر پہنچے جہاں وزیر اعظم نے ان کا استقبال کیا ، روس کو ایس سی او میں بہت اہمیت حاصل ہے۔ بعدازاں رکن ممالک کے سربراہان حکومت اور مندوبین باری باری کنونشن سینٹر پہنچتے رہے، معزز مہمانوں کا استقبال کرنے کے بعد وزیر اعظم مہمانوں کے ساتھ باری باری فوٹو سیشن کراتے رہے۔ قبل ازیں نور خان ایئربیس پر وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے روسی وزیر اعظم کا استقبال کیا، اس موقع پر روایتی لباس میں ملبوس بچوں نے معزز مہمان کو گلدستے پیش کیے۔ اجلاس کی اہمیت اور دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعلقات کے تناظر میں معزز مہمان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا، دونوں رہنماؤں کے درمیان خیر سگالی کے کلمات کا اظہار بھی کیا گیا۔ کانفرنس میں شرکت کے لیے آنے والے سربراہان مملکت اور غیر ملکی وفود کے استقبال کے لیے شہر بھر کو رنگ برنگی روشنیوں اور پھولوں اور ایس سی او کے رکن ممالک کے جھنڈوں سے سجایا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 5

ای ڈی یونیورسٹی کے اٹلی کی یونیورسٹی کے ساتھ باہمی تعاون پر گفتگو کی گئی اور سندھ میں اطالوی زبان سکھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اٹلی کی سفیر ماریلیا ارمیلن نے کہا کہ دونوں یونیورسٹیوں کے درمیان جلد ایم او یو ہوگا۔ اس کے علاوہ اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ سندھ انویسٹمنٹ ڈپارٹمنٹ اٹلی کی فرمز سے قونصل جنرل کے ذریعے بات چیت کرے گا۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ اور اٹلی ثقافتی اعتبار سے لاجواب ہیں۔ انہوں نے کراچی میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے کے لیے اٹلی کی کمپنیوں کو دعوت دی۔ وزیر اعلی سندھ نے تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اٹلی نے پاکستان میں بڑے پروجیکٹ کیے ہیں، تربیلا ڈیم کی تعمیر میں بھی اٹلی نے کام کیا تھا۔ ملاقات میں وزیر اعلی کے سیکرٹری رحیم شیخ اور اٹلی کے کراچی میں قونصل جنرل مسٹر ڈینیلو جیور ڈینیلا بھی شریک ہوئے۔

### بقیہ بقیہ جات 6

ہے، افغان سرزمین کا دہشت گردی کیلئے استعمال روکنا ہوگا، معاشی تعاون بڑھانے کیلئے ای سی او ممالک کو نئے راستے ڈھونڈنا ہوں گے۔ وہ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے 23 ویں سربراہی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس کا جناح کنونشن سنٹر اسلام آباد میں باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے

### بقیہ بقیہ جات 7

فلسطینی یرغمالیوں کی حالت پر کوئی خوف نہیں۔ خواجہ آصف نے برطانوی صحافی پیئر زمورگن کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان میں ایک سزا یافتہ قیدی کے معاملے پر ناراض ہیں، یہ میئر کے لیے صیہونی گولڈ اسمتھ کی حمایت کا ثمر ہے۔ پیئرز مورگن نے بانی پی ٹی آئی سے متعلق جمائمہ کا ٹویٹ شیئر کر کے آواز اٹھانے کا مطالبہ کیا تھا۔ قبل ازیں وزیر دفاع خواجہ آصف نے بانی پی ٹی آئی کی سابق اہلیہ جمائمہ گولڈ اسمتھ کو جواب دیتے ہوئے کہا تھا کہ ان کے بیٹوں کے والد کے ساتھ مستقل طور پر نرمی برتی گئی۔ ایک بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ اس شخص نے اپنے مخالفین کے لیے کبھی نرمی نہیں دکھائی تھی، نواز شریف کو اپنی قریب المرگ اہلیہ سے فون پر بات کرنے کی اجازت تک نہیں دی گئی تھی۔

### بقیہ بقیہ جات 8

سال کے اندر دونوں ممالک کے درمیان مختلف سطحوں پر حکومتی رابطوں اور تبادلوں میں اضافہ ہوا ہے، جس سے باہمی تعلقات کو تقویت ملی ہے۔ ملاقاتوں کے دوران دونوں ممالک نے اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید فروغ دینے اور مشترکہ منصوبوں پر کام کرنے پر اتفاق کیا، عسکری قیادت کے ساتھ ہونے والی بات چیت نے سکیورٹی اور دفاعی شعبے میں مزید قریبی تعاون کے امکانات کو بڑھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور پاکستان کے درمیان ''ہمہ وقت دوستی'' ایک منفرد اور مضبوط تعلق کی عکاس ہے جو کئی دہائیوں پر محیط ہے، اس تعلقات کی بنیاد باہمی اعتماد، احترام اور سٹریٹجک شراکت داری پر ہے جو دونوں ممالک کی خارجہ پالیسی کا ایک اہم ستون بن چکی ہے۔ وزیر اعظم لی چیانگ کے دورہ پاکستان کا مقصد بھی اسی دوستی کو مزید مضبوط کرنا ہے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی مضبوطی اور وسعت میں اضافہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور پاکستان نے اپنے حالیہ اعلی سطحی رابطوں کے دوران دونوں ممالک کے درمیان ''ہمہ وقت دوستی'' کو نئی توانائی اور قوت فراہم کرنے پر زور دیا۔ دونوں ممالک کے رہنماؤں کی سٹریٹجک رہنمائی نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنایا ہے اور ان تعلقات کو اعلی سطح پر فروغ دیا جا رہا ہے۔ چین نے پاکستان کے ساتھ تعلقات کو اپنی خارجہ پالیسی میں ایک اہم ترجیح کے طور پر برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا جبکہ پاکستان نے چین کے ساتھ تعلقات کو اپنی خارجہ پالیسی کا اہم ستون قرار دیا جو کہ پاکستانی معاشرے کے تمام طبقات میں وسیع پیمانے پر تسلیم شدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دورے کے دوران دونوں ممالک کے رہنماؤں نے نئے گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تکمیل کی تقریب میں بھی شرکت کی جو سی پیک کے تحت ہونے والی اہم ترقیاتی پیشرفت کی علامت ہے، یہ ایئرپورٹ نہ صرف خطے میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری کا مظہر ہے بلکہ دوطرفہ تعاون کی کامیابیوں کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے حالیہ دہشت گردی کے واقعات کے نتیجے میں چینی شہریوں کی ہلاکت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور دہشت گردی کے مجرموں کو پکڑنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاکستان نے یقین دہانی کرائی کہ ملک میں موجود چینی اہلکاروں، منصوبوں اور اداروں کی مکمل حفاظت کے لئے انسداد دہشت گردی کے اقدامات کو تیز کیا جائے گا۔ چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماننگ نے انسداد دہشت گردی کے لئے پاکستان کی کوششوں کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان دوطرفہ تعاون کے ماحول کو محفوظ بنانے کے لئے موثر حفاظتی اقدامات کرے، دونوں ممالک نے دہشت گردی کے خلاف اپنے زیرو ٹالرنس کے موقف کی تصدیق کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ دوطرفہ اور کثیر الجہتی سطح پر انسداد دہشت گردی کے تعاون کو مزید مضبوط کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے چینی شہریوں اور منصوبوں کی سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لئے اپنے اقدامات کو بڑھانے کا وعدہ کیا ہے جس میں سکیورٹی پر سرمایہ کاری میں اضافہ اور حفاظتی اقدامات شامل ہیں۔ چین نے بھی پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لئے مدد کی پیشکش کی تاکہ ملک میں دوطرفہ تعاون کے لئے ایک محفوظ ماحول کو برقرار رکھا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے اس تعاون کا مقصد نہ صرف باہمی تحفظ کو یقینی بنانا ہے بلکہ علاقائی امن و استحکام کو برقرار رکھنے کے لئے بین الاقوامی اور علاقائی سطح پر حمایت بھی حاصل کرنا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 9

کی طرف سے قتل کی سازش کے الزامات کو سنجیدگی سے لے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے واضح کر دیا ہے کہ الزامات انتہائی سنگین ہیں، بھارت اسے سنجیدگی سے نہیں لے رہا، انہوں نے متبادل راستا چنا ہے۔ میتھیو ملر نے مزید کہا کہ بھارت امریکا کا مضبوط شراکت دار ہے، امریکا بھارت کا ایسا رشتہ ہے کہ خدشات، تحفظات پر صاف شفاف گفتگو کرتے ہیں۔ ترجمان امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان کی دی گئی درخواست سے آگاہ ہیں۔ میتھیو ملر نے پاکستان میں جاری شنگھائی تعاون اجلاس پر کہا کہ امریکا گروپ بندیوں، ان کے انتخاب کے ہر ملک کے خود مختار حق کا احترام کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ کثیر الجہتی فورمز میں شرکت میں بین الاقوامی قانون کی پاسداری اور احترام کو یقینی بنایا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 10

ہیں، طاقت کے استعمال کی دھمکی نہ دینے کے اصول عالمی تعلقات کی پائیدار ترقی کے لیے بنیاد ہیں، عالمی اتحاد برائے منصفانہ امن، ہم آہنگی اور ترقی کے لیے یو این جنرل اسمبلی سے قرارداد کی منظوری کی تجویز کو فروغ دیں گے۔ بدھ کو شنگھائی تعاون تنظیم کا 23واں سربراہی (وزرائے اعظم) اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا، اجلاس میں بیلا روس کے وزیر اعظم گلووچنکو، بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر، ایران کے وزیر معدنیات وزیر سید محمد اطباق شریک ہوئے۔

### بقیہ بقیہ جات 11

علی خان کی ملک و قوم کے لیے پیش کی گئی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، لیاقت علی خان نے تحریک آزادی میں بھرپور کردار ادا کیا، ان کا شمار قائداعظم محمد علی جناح کے انتہائی بااعتماد اور مخلص ساتھیوں میں ہوتا ہے۔ شہید ملت اور پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کی برسی کے موقع پر بدھ کو جاری اپنے پیغام میں سپیکر نے کہا کہ شہید ملت لیاقت علی خان کی برسی کے موقع پر ان کی قوم و ملک کے لیے پیش کی جانے والی قربانیوں اور خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 12

سلیم خان نے محکمہ کے افسران اور عملہ پر زور دیا کہ وہ دفتری اوقات کی پابندی کریں اور اپنے فرائض مزید محنت اور لگن سے ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ کے مختلف دفاتر کے دورے کے موقع پر کیا، ڈائریکٹر اطلاعات ایڈمن اینڈ اکاؤنٹس منصور احمد راجپوت بھی ان کے ہمرہ تھے انہوں نے بعض افسران کی بنا اطلاع دفتر میں غیر موجودگی کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ اگر وہ وقت پر دفتر نہیں آئینگے تو متعلقہ ملازمین بھی وقت کی پابندی نہیں کرینگے جس کی وجہ سے سرکاری امور متاثر ہونگے انہوں نے کہا کے دفتری اوقات کی پابندی نہ کرنے اور تاخیر سے آنے والے افسران ملازمین کے خلاف متعلقہ قوانین کیتحت کاروائی کی جائے گی محمد سلیم خان نے کہا کہ وزیر اعلی سندھ اور چیف سیکریٹری سندھ کی واضع ہدایت ہے کہ دفتری اوقات کی پابندی کی جائے اس لئے غیر حاضر اور تاخیر سے آنے والے افسران و ملازمین وقت کی پابندی کو اپنا شعار بنائیں، ڈائریکٹر جنرل نے ڈائریکٹر ایڈمن کو بیرک نمبر 96 کے کوریڈور میں موجود اشتہارات کے ریکارڈ کو جلد از جلد محفوظ مقام پر منتقل کرنے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ محکمہ میں دفاتر میں صفائی ستھرائی کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اطلاعات حکومت سندھ کی ترجمان کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ اس کے ذریعے حکومتی اقدامات اور اس سے حاصل ہونے والے فوائد کے بارے معلومات عوام تک پہنچائی جاسکتی ہے انہوں نے کہا کہ میڈیا کی تیز رفتار ترقی کے اس دور میں افسران کو اپنی صلاحیتوں میں اضافے کے لئے مزید محنت اور لگن سے کام کرنا چاہیے، ڈائریکٹر جنرل محمد سلیم خان نے مزید کہا کہ وہ دفاتر کے اچانک دورے کا سلسلہ جاری رکھیں گے تاکہ ملازمین کی کارگردگی میں بہتری لائی جاسکے ڈائریکٹر اطلاعات ایڈمن اینڈ اکاؤنٹس منصور احمد راجپوت نے انہیں مختلف ڈائریکٹوریٹس میں بہتری کے لیے کیئے جانے والے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔

### بقیہ بقیہ جات 13

فہرست میں شامل نہیں کیا گیا۔ یونیورسٹی نے امیدواروں کی لسٹ جاری کر دی ہے تاہم اس لسٹ میں 38 امیدواروں کے نام شامل ہیں مگر اس میں بانی تحریک انصاف کا نام شامل نہیں ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی میں چانسلر کا عہدہ روایتی اور علامتی نوعیت کا ہوتا ہے اور اس انتخاب میں نمایاں شخصیات حصہ لے رہی ہیں، آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کا انتخاب 21 برس بعد ہوگا، معروف برطانوی قانونی فرم میٹرکس چیمبرز نے عمران خان کو نا اہل قرار دیا تھا۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے میٹرکس چیمبرز سے بانی پی ٹی آئی کے بارے میں رائے مانگی تھی، میٹرکس چیمبرز نے سزا یافتہ ہونے کے باعث بانی پی ٹی آئی عمران خان کو نا اہل قرار دیا۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کے نئے چانسلر کے انتخاب کا پہلا راؤنڈ 28 اکتوبر کو شروع ہوگا، ٹاپ فائیو امیدواروں کے درمیان 4 نومبر کو الیکشن کا دوسرا راؤنڈ ہوگا، آکسفورڈ یونیورسٹی کے نئے چانسلر کا اعلان 25 نومبر کو کیا جائے گا، نئے چانسلر کا انتخاب زیادہ سے زیادہ 10 برس کیلئے ہوگا۔ آکسفورڈ انتظامیہ نے سدرہ آفتاب، حسنات احمد، ایمن امورہ کی نامزدگی تسلیم کر لی، انور بیگ، کاشف بلال، عظیم فاروقی بھی چانسلر آکسفورڈ یونیورسٹی کے امیدوار ہیں، تاہم سابق برطانوی وزیر خارجہ ولیم ہیگ چانسلر کے عہدے کے مضبوط امیدوار ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 14

عدالت میں پولیس کی جانب سے مسجد میں گھس کر ہندوں کا مذہبی نعرہ لگانے کے خلاف مقدمہ دائر کیا تھا۔ عدالت نے کیس پر فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ مسجد میں ہندوں کے مذہبی نعرے لگانے سے کسی کے جذبات مجروح نہیں ہوتے۔ ایسں کہنا کہ مسجد میں ہندو نعرے لگانے سے مسلمانوں کو برا لگتا ہے یا ان کے جذبات کو ٹھیس پہنچتی ہے بہت عجیب ہے۔ ہندو انتہا پسند عدالت نے پولیس کی جانب سے دائر کیس کو طاقت کا غلط استعمال بھی قرار دیا اور ہندوں کی جانب سے مسجد میں اشتعال انگیزی کو معمول کی بات اور جائز قرار دیا۔ عدالت نے دونوں ہندو انتہا پسوں کو رہا کرنے کا بھی حکم دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 15

کی اسلام آباد آمد اور وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات کو خوب اہمیت دی۔ لیکن ساتھ ہی انہوں نے اسلام آباد میں بھارتی ہائی کمیشن کے احاطے میں جے شنکر کی اپنے عملے کے ساتھ چہل قدمی کی تصویر جاری کردی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ جے شنکر نے بدھ کی صبح ایس سی او کے اجلاس سے پہلے اسلام آباد ہائی کمیشن کے احاطے میں اپنے عملے کے ساتھ چہل قدمی کی۔ اسلام آباد میں شنگھائی کانفرنس کے عشائیے میں ہندوستانی کلاسیکی رقص پیش کیے جانے پر بھارتی میڈیا میں شہ سرخیاں ہیں۔ اس معاملے سے واقف لوگوں نے بتایا کہ دلچسپ بات یہ ہے کہ ہندوستانی کلاسیکی رقص کی شکل 'بھارتناٹیم' استقبالیہ میں عشائیے کے دوران پیش کی جانے والی پرفارمنس میں شامل تھی۔ خیال رہے کہ جے شنکر اور وزیر اعظم شہباز شریف کے ساتھ خوشگوار تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے وفود کے تمام رہنماؤں کو ضیافت کے استقبالیہ میں خوش آمدید کہا۔

### بقیہ بقیہ جات 16

ان ممالک کے اجلاس میں مثبت کردار ادا کرنے کو سراہتے ہیں۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران پاکستان نے ایس سی او کی صدارت کرتے ہوئے علاقائی تعاون کو فروغ دینے، ماحولیاتی تحفظ، غربت کے خاتمے، نوجوانوں کو بااختیار بنانے جیسے اقدامات کیے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان نے تمام رکن ممالک کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے علاقائی ترقی میں پائیدار کردار ادا کرنے کے لیے فعال کردار ادا کیا جس کے نتیجے میں ایس ای او کے متعلقہ فورمز نے تعاون کے نئے شعبوں پر کام کرنے کے لیے اتفاق کیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 17

ان ممالک کے اجلاس میں مثبت کردار ادا کرنے کو سراہتے ہیں۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران پاکستان نے ایس سی او کی صدارت کرتے ہوئے علاقائی تعاون کو فروغ دینے، ماحولیاتی تحفظ، غربت کے خاتمے، نوجوانوں کو بااختیار بنانے جیسے اقدامات کیے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان نے تمام رکن ممالک کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے علاقائی ترقی میں پائیدار کردار ادا کرنے کے لیے فعال کردار ادا کیا جس کے نتیجے میں ایس ای او کے متعلقہ فورمز نے تعاون کے نئے شعبوں پر کام کرنے کے لیے اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان شعبوں میں معاشی ترقی کے لیے اور معیشت کے فروغ کے لیے فریم ورک طے کرنے کے حوالے سے نئے شعبوں کا قیام عمل میں لانا ہے، تمام سربراہان مملکت نے اجلاس میں شنگھائی اسپرٹ کے جذبے کا اعادہ کیا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ اجلاس کے مشترکہ اعلامیے پر سربراہان نے دستخط کیے ہیں جس میں سربراہان نے گرین ڈویلپمنٹ، ڈیجیٹل اکانومی، تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کے شعبوں میں رکن ممالک کے استعداد کار بڑھانے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس او اجلاس میں ہونے والے فیصلوں میں 2025 کے اجلاس کے لیے بجٹ اور دو مستقل باڈیز ایس سی او سیکریٹریٹ اور انسداد دہشت گردی کے علاقائی ڈھانچے کے لیے انسانی وسائل فراہم کرنے کی منظوری بھی دی گئی ہے۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ اجلاس میں ایس سی او ممالک کے درمیان باہمی عزت و احترام سے بہتر اور پائیدار مستقبل کے لیے ساتھ چلنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل ایس سی او جانگ منگ نے اجلاس کی شاندار کامیابی پر پاکستان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایس سی او کا متحرک اور اہم رکن ہے۔ جانگ منگ نے کہا کہ اجلاس میں ترجیحی موضوعات پر کارآمد گفتگو ہوئی ہے، ایس سی او اجلاس میں معیشت کے نئے ڈائیلاگ کے تصور کو اپنایا گیا ہے۔ سیکرٹری جنرل ایس سی او نے کہا کہ تجارت کے لیے مقامی کرنسی اور پروجیکٹ فنانسنگ پر غور کیا گیا ہے، اجلاس میں ایس سی او کو جدید بنانے پر تبادلہ خیال ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آستانہ سمٹ میں لیے گئے فیصلوں پر بھی موجودہ اجلاس میں غور کیا گیا ہے، پاکستان نے ایس سی او کے کامیاب انعقاد کے لیے شاندار اقدامات کیے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 18

اس پر کوئی سمجھوتا نہیں کر سکتے۔ جی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ راستوں کی بندش کی وجہ سے پہنچنے والی تکلیف پر لوگوں سے معذرت چاہتے ہیں، ایس سی او پاکستان کے لیے خوش آئند ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ترامیم کا مسودہ سامنے آئے گا تو سب حمایت کریں گے، پی ٹی آئی والے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق جھوٹی افواہیں پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شعیب شاہین سے انفرادی طور پر پوچھیں تو کہیں گے کہ عدالتی اصلاحات ہونی چاہیے، ہمارا مسودہ یا تمہارا مسودہ معنی نہیں رکھتا، اتحادی حکومت میں مشترکہ مسودہ ہوتا ہے۔ طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ مشترکہ مسودہ سامنے آجائے گا، اپوزیشن کو کہیں گے کہ آئیں بیٹھیں، یہ کہنا کہ مسودہ ٹھیک ہے لیکن تاریخ غلط ہے کوئی بات نہیں۔ رہنما ن لیگ نے کہا کہ عدالتوں میں پچاس فیصد آئینی مقدمات سنے جاتے ہیں، عوام کا آئینی معاملات سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وکلا بھی چاہتے ہیں نظام انصاف میں اپنا حصہ ڈالیں، آئینی عدالت کی شکل پر انہیں اعتراض ہے، مسودہ جاری نہیں ہوا تھا، آپ کے لوگوں نے لیک کیا جو جعلی تھا۔ طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ مسودہ آئے گا تو انہیں ضرور پیش کریں گے، نمبرز گیم کے بغیر یہ ترمیم ہو ہی نہیں سکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے پاس نمبر گیم پورا ہے، آسان سی بات ہے کہ ہمارے پاس نمبرز پورے ہوں گے تو ترمیم ہوجائے گی، ترمیم پر ووٹنگ شو آف ہینڈ کے ذریعے ہوگی، دودھ کا دودھ، پانی کا پانی ہوجائے گا۔ طارق فضل چوہدری کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ مشترکہ مسودے کے قریب ہیں، جتنے اعتراضات انہیں اس الیکشن پر ہیں، اتنے ہی 2018 کے الیکشنز پر تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 19

وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا ہے کہ آئینی ترمیم کی مذمت کی جانی چاہیے اس کا ملک کو بہت نقصان ہوگا، یہ ترمیم مخصوص نشستوں پر سپریم کورٹ کے فیصلے کی وجہ سے لائی جا رہی ہے۔ لاہور انسدادِ دہشت گردی عدالت پیشی کے موقع پر میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر یاسمین نے کہا کہ یہ ترمیم عدلیہ کو تباہ کر کے رکھ دے گی اور ملک میں انصاف ختم ہوجائے گا، جسٹس منصور علی شاہ نے فیصلہ دیا اس کی وجہ سے یہ اس کے پیچھے پڑ گئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ پاکستان سے انصاف کو ختم کرنا چاہتے ہیں، یہ کٹ پتلی حکومت ہے جن کے اشارے پر چل رہی ہے سب کو معلوم ہے۔ ڈاکٹر یاسمین نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی پر ایک بار حملہ ہو چکا ہے اور میں بھی حملے کے وقت وہاں موجود تھی، جس نے عمران خان پر حملہ کرایا سب جانتے ہیں، عمران خان کی جان کو جیل میں خطرہ ہوسکتا ہے اور اگر ان سے رابطہ نہ ہو تو شک پیدا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں لڑکیوں سے زیادتی کے جرائم بڑھ گئے ہیں اور حکومت کی نااہلی کی وجہ سے جرائم بڑھ رہے ہیں، جس پولیس نے جرائم کی روک تھام کرنے تھی وہ پولیس ہمارے پیچھے لگائی ہوئی ہے۔ رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ پاکستان میں جو غیر ملکی مہمان آئے ہیں ان کی عزت کرتے ہیں اور اچھی بات ہے ملک میں ایس سی او اجلاس ہو رہا ہے، ہمیں ایشائی ممالک کا الگ بلاک بنانے پر توجہ دینی چاہیے اور آئی ایم ایف کا متبادل ادارہ بنانا چاہیے۔ ڈاکٹر یاسمین کا کہنا تھا کہ مجھے جیل میں 17 ماہ ہو گئے لیکن پراسیکیوشن کے پاس میرے خلاف کوئی ثبوت نہیں ہیں، پھر بھی میری ضمانت نہیں ہو رہی، مجھے مختلف شہروں کے مقدمات میں ڈالا ہوا ہے اور مجھے لگتا ہے میں کوئی سپر ویمن ہوں جو ایک ہی وقت میں ہر جگہ موجود تھی۔

### بقیہ بقیہ جات 20

روپے کی صلاحیت کے حساب سے اب بھی ٹیکس کلیکشن 2016 کی سطح پر ہے۔ راشد لنگڑیال نے ایف پی سی سی آئی میں خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ جو ٹیکس اکٹھا کیا وہ قرض میں چلا گیا، اگر پورے سال کا ٹیکس صرف قرض میں جائے تو معاملہ ٹھیک نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ٹاپ 1 فیصد افراد انکم ٹیکس پورا نہیں دے رہے ہیں، ہماری کوشش ہے کہ مزید ٹیکس شرح نہ بڑھے، صنعت کار تکلیف دہ مراحل سے گزرے، اب حالات بہتر ہو رہے ہیں، امید ہے کہ شرح سود میں 2 فیصد کمی آئے گی۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ہمیں کسی ایفی ڈیوٹ کی ضرورت نہیں سب سیلز ٹیکس لا میں موجود ہے، آپ کہہ دیں کہ ہر چیز قانون کے تحت خریدی گئی ہے، ہم کچھ نہیں کہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایک شخص نے مجھے بتایا کہ وہ فلائنگ انوائس کا کاروبار کرتے ہیں، جانتے بوجھتے فلائنگ انوائس والے گرفتار ہوں گے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ ریفنڈز پر پیسے لیے جاتے ہیں، ہم ریفنڈز کو کھلی ساعت یا کیمرے کے سامنے کرنے کو تیار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے افسر سے پوچھا ریفنڈز کے پیسے کیسے طے ہوتے ہیں؟ جس پر افسر نے کہا کہ جعلی ریفنڈز پر زیادہ، جائز پر کم پیسے لیتے ہیں۔ راشد لنگڑیال نے تجویز دی کہ ایک ماہ کے لیے شہر کے اندر کے بجائے انٹری پوائنٹس پر اینٹی اسمگلنگ کا کام کیا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 21

کہ بی این پی کے 2 سینیٹرز اور ان کے خاندانوں کو مسلسل ہراساں کیا جا رہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اب میرے پاس ایک ہی آپشن بچا ہے کہ اپنے سینیٹرز کو مستعفی ہونے کی ہدایت کر دوں۔ اختر مینگل نے کہا کہ ہمارے پاس اس کے سوا کوئی آپشن نہیں بچا ہے، بلوچستان سے اسی سلوک کی وجہ سے میں نے قومی اسمبلی کی رکنیت سے استعفیٰ دیا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 22

ہیں، آئینی ترمیم ملک کے لیے فائدہ مند ہے۔ بلاول بھٹو کی مولانا فضل الرحمان کے ساتھ میٹنگ کیبعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ آئین بنانے کے عمل میں پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر جے یو آئی نے اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی ریفارمز یا آئینی عدالت پر پیپلز پارٹی کا موقف واضح ہے، چارٹر آف ڈیموکریسی کے حوالے سے پیپلز پارٹی کا کلیئر موقف ہے، چارٹر آف ڈیموکریسی میں آئینی عدالت کا ذکر ہے، بلاول بھٹو کی خواہش ہے ترمیم دو تہائی اکثریت سے پاس ہو۔ شازیہ مری کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو کی جانب سے سیاسی ڈائیلاگ کا سلسلہ جاری ہے، ہم ہر مسئلے کا حل سیاسی ڈائیلاگ کو ہی سمجھتے ہیں، مشاورت کے ذریعے 26 ویں آئینی ترمیم کیلئے آگے بڑھ رہے ہیں۔ رہنما پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ آئینی ترمیم ملک کیلئے فائدہ مند ہے، ہماری خواہش ہے جے یو آئی اور پیپلز پارٹی کا متفقہ ڈرافٹ ہو۔ گفتگو کے آخر میں صحافی نے شازیہ مری سے سوال کیا کہ کیا مولانا ناراضی ہوگئے؟ جس کا جواب دیتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ آپ اپنا منہ میٹھا کر سکتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 23

نوٹیفکیشن کے مطابق 7 رکنی کمیٹی کے سربراہ ڈائریکٹر فارنزک سائبر کرائم وقاص سعید ہوں گے۔ کمیٹی میں علی یزدانی، محمد احسان، غلام مصطفیٰ، علی رضا، یاسر رمضان اور سائبر کرائم ونگ کے محسن رزاق شامل ہیں۔ ایف آئی اے کے ذرائع کے مطابق اسپیشل کمیٹی نے 70 کے قریب اکاؤنٹس کی شناخت کر لی ہے، ان اکاؤنٹ ہولڈرز کی تصاویر کی شناخت کے لیے ڈیٹا نادرا کو بھیج دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نادرا شکلوں کی شناخت کے لیے جدید طریقے سے مدد لے رہا ہے۔ واضح رہے کہ لاہور کے نجی کالج میں طالبہ سے مبینہ زیادتی کے خلاف گزشتہ روز مختلف شہروں میں طلبہ نے احتجاج بھی کیا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 24

کا ٹھوس میکانزم بنایا جائے۔ ہاؤسنگ سوسائٹی کی اپرول کے میکانزم میں ریفارمز لانے پر فوری کام شروع کیا جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے ہدایت کی کہ ہاؤسنگ سوسائٹی کی اپرول پراسس کو ڈیجیٹل کیا جائے۔ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم کی تعمیرات روکنے اور مانیٹرنگ کے لیے ڈیجیٹل سسٹم پر کام شروع کیا جائے۔ پرائیویٹ سکیموں کی اوور سلنگ کی روک تھام اور مانیٹرنگ کے لیے ٹھوس میکانزم بنایا جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے چیف میٹرو پولیٹن پلاننگ کو چند روز میں میکانزم پیش کرنے کی ہدایت کی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ ایز آف ڈوئنگ بزنس کے تحت بزنس کمیونٹی کی سہولت کے ساتھ ساتھ ٹرانسپرنسی کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں چیف میٹرو پولیٹن پلاننگ فیصل قریشی، ڈائریکٹر شعبہ پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیم اسد اللہ چیمہ، ڈائریکٹر میٹرو پولیٹن پلاننگ محمد نفیس اور میٹرو پولیٹن پلاننگ کے تمام ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔

### بقیہ بقیہ جات 25

الزام عائد کیا ہے کہ عمران خان کو اڈیالہ جیل میں قید تنہائی میں رکھا گیا ہے جبکہ سیل کی بجلی منقطع کر دی گئی ہے اور انہیں اپنے بیٹوں سلیمان اور قاسم خان سے بات کرنے کی اجازت بھی نہیں دی جا رہی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں جمائما گولڈ اسمتھ نے کہا کہ گزشتہ چند ہفتوں سے میرے بچوں کے والد عمران خان کے ساتھ جیل میں ہونے والے سلوک پر سنگین اور تشویش ناک پیش رفت ہوئی ہے، پاکستانی حکام نے اہل خانہ اور وکلا کو ان سے ملاقات کی اجازت نہیں ہے جبکہ تمام عدالتی کارروائیاں ملتوی کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملاقاتوں پر پابندی عائد کرنے کے علاوہ عدالتی حکم کے خلاف عمران خان سے ان کے بیٹوں سلیمان اور قاسم خان کی فون پر بات بھی 10 ستمبر سے بند کر دی گئی ہے، جو لندن میں رہائش پذیر اور برطانوی شہری ہیں۔ جمائما گولڈ اسمتھ نے الزام عائد کیا کہ ہمیں اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ حکام نے جیل میں ان کے سیل کی بجلی منقطع کر دی ہے اور انہیں کسی بھی وقت سیل سے باہر جانے کی اجازت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیل میں باورچی کو بھی چھٹی پر بھیج دیا گیا ہے، عمران خان اب قید تنہائی میں ہیں، وہ بالکل اندھیرے میں ہیں اور عمران خان کا باہر کی دنیا میں کسی کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں ہے، وکلا کو ان کو حفاظت کے حوالے سے تشویش ہے۔ جمائما گولڈ اسمتھ نے کہا کہ عمران خان کے اہل خانہ، ان کی جماعت کے اراکین اور حمایتوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے اور یہ پاکستان میں تمام سیاسی اپوزیشن اور انہیں خاموش کرانے کی کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے بھانجے سویلین حسان نیازی اگست 2023 سے فوج کی حراست میں ہیں، حال ہی میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں عظمیٰ خان اور علیمہ خان کو پرامن احتجاج کے دوران گرفتار کیا گیا اور وہ اس وقت جیل میں ہیں حالانکہ ان کو قید کے لیے کوئی قانونی بنیاد نہیں ہے۔ جمائما گولڈ اسمتھ نے کہا کہ رواں برس جون میں اقوام متحدہ کے ورکنگ گروپ برائے آربیٹریری ڈیٹینشن کو پتا چلا تھا کہ عمران خان کو غیر قانونی اور من مانی طور پر قید میں رکھا گیا ہے اور گروپ نے فوری رہائی کا مطالبہ کیا تھا۔ جمائمہ گولڈ اسمتھ نے مطالبہ کیا کہ معاملے کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے عمران خان، ان کی بہنوں اور ان کے بھانجے کو فوراً رہا کیا جائے، انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا ان کے بیٹوں سے رابطہ بھی دوبارہ بحال کیا جائے تاکہ انہیں یقین دہانی ہوجائے کہ عمران کان ٹھیک ہیں اور ان کے ساتھ برا سلوک نہیں کیا جا رہا۔

### بقیہ بقیہ جات 26

سے مزید آگے بڑھنے کے جذبے کو جمہوریت کی جیت قرار دے دیا۔ اپنے بیان میں شیری رحمٰن نے کہا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے وژن کی سچائی اٹھارہ سال بعد بھی ثابت ہو رہی ہے، امید ہے کہ تمام سیاسی و جمہوری قوتیں قوم کو اتفاق رائے کا تحفہ دیں گی۔ انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت کا محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے آغاز کیا، صدر زرداری نے اس پر عمل کرایا، بلاول بھٹو زرداری اٹھارہ سال بعد اس کے ادھورے ایجنڈے کی تکمیل کے عمل کی قیادت کر رہے ہیں۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ میثاق جمہوریت کے ادھورا ایجنڈے کو مکمل کرنے میں بلاول بھٹو زرداری تاریخی کردار ادا کر رہے ہیں، بات چیت ہی جمہوریت کی اصل طاقت اور بند دروازے کھولنے کی چابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترامیم پر اتفاق کی سوچ اور جذبہ جمہوریت اور پارلیمان کی بالادستی کو مزید مضبوط کرے گا۔ انہوں نین کہا کہ نظام عدل کی اصلاح سے کروڑوں پاکستانیوں اور جیلوں میں برسوں سے انصاف کے منتظر قیدیوں کو انصاف کی بروقت فراہمی سے ریلیف مل سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک و قوم، آئین و قانون اور جمہوری اصولوں کے لئے مشترکہ کوشش کرنے والی جمہوری قوتیں اور جماعتیں لائق تحسین ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 27

سکا اور لاہور اور پنجاب کے مختلف علاقوں کے ساتھ ساتھ پشاور میں مبینہ زیادتی کے خلاف طلبہ نے پرتشدد احتجاج کرتے ہوئے املاک کو نقصان پہنچایا، دوران احتجاج گجرات میں نجی کالج کا گارڈ جاں بحق ہو گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق صوبائی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ نجی کالج کی جانب سے طالبہ سے زیادتی کے واقعے کی تردید اور تمام تر وضاحتوں کے باوجود مختلف شہروں میں طالبہ سے مبینہ زیادتی کے خلاف احتجاج کا سلسلہ بدھ کو بھی جاری رہا اور لاہور کے بعد اب گجرات، فیصل آباد، پشاور سمیت مختلف شہروں میں طلبہ سڑکوں پر آگئے۔ لاہور میں لال پل کیمپس پر دھاوا بولنے والے متعدد افراد کو پولیس نے گرفتار کر لیا جہاں پولیس نے دعویٰ کیا کہ مظاہرین نے نجی کالج میں داخل ہوکر توڑ پھوڑ کی اور 6 موٹر سائیکلیں جلائیں جبکہ کالج وین اور گاڑیوں کے شیشے بھی توڑ دیے۔ گجرات میں نجی کالج میں طلبہ کے تشدد سے گارڈ جاں بحق ہوگیا اور طلبہ نے ہنگامہ آرائی کرتے ہوئے کالج کے شیشے، فرنیچر اور کمپیوٹر توڑ دیے۔ شورکوٹ کے طلبہ نے کینٹ روڈ پر مبینہ زیادتی کے خلاف احتجاج کیا جس سے کینٹ روڈ بلاک ہوگیا اور گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں۔ گورنمنٹ ڈگری کالج اور پنجاب کالج کے طلبہ کے احتجاج اور ہنگامہ آرائی کے بعد پنجاب کالج شورکوٹ کی عمارت میں داخل ہوگئی ہنگامہ آرائی کرنے والے 100 سے زائد مظاہرین کو گرفتار کر لیا۔ دوسری جانب فیصل آباد میں مشتعل مظاہرین نے سڑک بلاک کر کے نجی کالج کی عمارت پر پتھراؤ کیا جبکہ لیہ میں احتجاج کرنے والے طلبہ نے ایم ایم روڈ کو بند کر دیا، اسی طرح پشاور میں ایڈورڈز کالج کے طلبہ بھی واقعے کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے اور طلبہ کو تحفظ دینے کا مطالبہ کیا۔ اس سے قبل لاہور کے نجی کالج کی انتظامیہ نے طالبہ سے زیادتی کے واقعہ کو من گھڑت اور جھوٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا کہ طالبہ سے زیادتی کا کوئی واقعہ وجود ہی نہیں رکھتا۔ انہوں نے واقعہ کو سراسر پروپیگنڈا اور میڈیا اسٹنٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیوز میں موجود 98 فیصد طالبات کالج کے متعلقہ کیمپس سے تعلق ہی نہیں رکھتیں۔ دوسری جانب نجی کالج کی طالبہ سے منسلک من گھڑت ویڈیو کے واقعے کا مقدمہ پولیس کی مدعیت میں ڈیفنس اے میں درج کر لیا گیا۔ مقدمے کے متن مطابق سوشل میڈیا پر طالبہ کے ساتھ مبینہ جنسی زیادتی کی خبر وائرل ہوئی تاہم متعلقہ لڑکی اور اس کے والدین نے واقعے کی مکمل تردید کی۔ ایف آئی آر میں کہا گیا کہ واقعے سے متعلق طلبہ اور عوام کو حکومتی اداروں کے خلاف سوچی سمجھی سازش کے تحت بھٹکایا گیا اور اشتعال دلوا کر احتجاج پر مجبور کیا گیا۔ اسی طرح مبینہ زیادتی کے واقعے سے متعلق غلط معلومات پھیلانے پر ایف آئی اے سائبر کرائم کی 7 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے لاہور میں نجی کالج کی طالبہ سے مبینہ زیادتی کے پروپیگنڈے میں تحریک انصاف کو ملوث قرار دیتے ہوئے کہا کہ بچی زیادتی نہیں بلکہ گھٹیا سازش کا شکار بنی، بار بار کی احتجاج کی کال ناکام ہونے کے بعد انتہائی گھٹیا اور خطرناک منصوبہ بنایا گیا اور اس فتنہ و فساد کی جڑ خیبر پختونخوا حکومت ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 28

نیشنل کانفرنس کی کامیابی کے بعد وزیر اعلیٰ کے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حلف برداری کی تقریب سری نگر کے ''کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر'' میں منعقد ہوئی۔ مودی حکومت کے تعینات کردہ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے عمر عبداللہ اور ان کے نامزد کردہ وزراء سے حلف لیا۔ نیشنل کانفرنس کے سینئر رہنما سریندر چودھری نے بھی نائب وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ حلف برداری کی تقریب میں کانگریس کے صدر ملکار جن کھرگے ، کانگریس کے رہنما راہول گاندھی، پریانکا گاندھی اور نیشنل کانفرنس کے کئی سینئر رہنما موجود تھے۔ یاد رہے کہ مودی حکومت نے 2018 میں مقبوضہ علاقے کی اسمبلی تحلیل کر کے علاقے میں صدارتی راج نافذ کر دیا تھا۔ بعد ازاں اگست 2019 میں بی جے پی حکومت نے مقبوضہ علاقے کی خصوصی حیثیت ختم کر دی۔ حالیہ نام نہاد اسمبلی انتخابات میں نیشنل کانفرنس اور کانگریس نے آپس میں اتحاد کیا تھا اور دونوں نے مقبوضہ علاقے کی اسمبلی کی کل 90 نشستوں میں سے 48 پر کامیابی حاصل کی۔ بی جے پی نے 29 جبکہ محبوبہ مفتی کی جماعت پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) نے 3 سیٹوں پر کامیابی حل کی ہے۔ عام آدمی پارٹی نے ایک نشست جبکہ باقی نشستوں پر آزاد امیدواروں نے کامیابی حاصل کی ہے۔ یاد رہے کہ غور طلب ہے کہ انتخابات کے باوجود مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام نئی بننے والی حکومت کو اپنے روزمرہ کے مسائل کے حل کے لیے ایک عارضی انتظام سمجھتے ہیں۔ تاہم، ان کا اولین مطالبہ حق خود ارادیت ہے، جیسا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں میں بیان کیا گیا ہے، تاکہ خطے کے سیاسی مستقبل کے لیے ایک پائیدار حل کو محفوظ بنایا جا سکے۔ حق خود ارادیت کا یہ حصول کشمیر کی تاریخ میں بہت گہرائی سے جڑا ہوا ہے، جو کہ 1949 میں اقوام متحدہ کے کمیشن برائے ہندوستان اور پاکستان کی قرارداد سے ملتا ہے جس میں آزادانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری کی وکالت کی گئی تھی۔ اس حق کے لیے جاری جدوجہد کشمیری عوام کی وقار اور ان کے بنیادی حقوق کی جدوجہد کی حمایت میں عالمی برادری کے اہم کردار کی نشاندہی کرتی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 29

مشیران بے ملاقات کی ہے۔ اس ملاقات میں بلوچستان میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی پیش رفت سے متعلق گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وزیر اعلی بلوچستان نے کہا کہ گڈ گورننس پہلی ترجیح ہے اور عوامی مشکلات حل کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت جدید طبی ادارے قائم کریں گے، بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام صوبے کی تاریخ کا مثالی تعلیمی پروگرام ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 30

کہ علی امین گنڈا پور اور حماد اظہر میں اختلافات کی خبریں من گھڑت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے بنیاد خبریں پی ٹی آئی کیخلاف منفی پروپیگنڈا کا حصہ ہیں۔ بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ جھوٹے پروپیگنڈے سے مخالفین اپنے مذموم عزائم میں ناکام رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنان پارٹی کے پرچم تلے مضبوط اور متحد کھڑے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 31

سماعت ہوئی، اے ٹی سی عدالت کے جج ارشد جاوید نے عبوری ضمانتوں پر سماعت کی۔ عدالت نے پی ٹی آئی رہنماؤں سلمان اکرم راجا اور افضال عظیم کی عبوری ضمانتوں میں 24 نومبر تک توسیع کرتے ہوئے ریکارڈ بھی طلب کر لیا۔ یاد رہے کہ سلمان اکرم راجا اور افضال عظیم کے خلاف تھانہ اسلام پورہ، لاری اڈا سمیت دیگر پولیس سٹیشنز میں 5 اکتوبر کو پولیس پر تشدد اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات درج ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 32

لیگ (ن) کے سینیٹ میں پارلیمانی لیڈر عرفان صدیقی نے اجلاس بلایا ہے۔ عرفان صدیقی نے بتایا کہ سینیٹ میں مسلم لیگ ن کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس بدھ کو ڈھائی بجے ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تمام مسلم لیگی سینیٹرز اسلام آباد میں حاضری یقینی بنائیں۔

### بقیہ بقیہ جات 33

روپے اضافی انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا، اس ٹیکس سے بچنے کیلئے بینکس لابنگ کر رہے ہیں اور ایک بار پھر اضافی انکم ٹیکس سے استثنیٰ حاصل کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ انویسٹمنٹ اینڈ ایڈوائزری فرم ٹولا ایسوسی ایٹس نے اپنی رپورٹ میں بتایا ہے کہ پاکستان میں مقامی اور غیر ملکی بینکس ملا کر مجموعی طور پر 27 بینکس کام کر رہے ہیں، جن سے ایڈوانس ٹو ڈیپازٹ ریشو (اے ڈی آر) کی بنیاد پر 197 ارب روپے کا اضافی انکم ٹیکس حاصل کیا جاسکتا ہے۔ یہ بینکس حکومت کو بھاری قرض دے رہے ہیں، لیکن انکم ٹیکس لا کے مطابق اگر بینکوں کے پرائیویٹ سیکٹر کو دیے گئے قرض ایک مخصوص سطح سے کم ہونگے تو بینکوں کو 10 سے 15 فیصد تک اضافی انکم ٹیکس ادا کرنا پڑے گا، رپورٹ کے مطابق 2024 میں بینکوں پر 612 ارب روپے کا اضافی انکم ٹیکس عائد ہوا تھا، لیکن بینکس حکومت سے استثنا حاصل کرنے میں کامیاب رہے تھے۔ بینکوں کے منافع جات کی بنیاد پر ٹیکس سال 2025 میں بینکوں کو 197 ارب روپے کا اضافی انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا، واضح رہے کہ اضافی انکم ٹیکس 2022 میں متعارف کرایا گیا تھا، جس کا مقصد تھا کہ بینکس پرائیوٹ سیکٹر کو زیادہ قرض فراہم کریں، لیکن پھر حکومت نے اس کو 2023 میں معطل کر دیا تھا، لیکن یہ جنوری 2024 میں دوبارہ بحال کر دیا گیا ہے۔ بینکوں پر نارملی 39 فیصد ٹیکس عائد ہے، لیکن اگر بینکوں کا اے ڈی آر ریشو 40 فیصد تک رہتا ہے تو پھر حکومت سرکاری قرضوں پر حاصل کیے گئے منافع پر 55 فیصد ٹیکس وصول کرے گی، اگر اے ڈی آر ریشو 49 رہتا تو پھر 50 فیصد ٹیکس وصول کیا جائے گا، اگر اے ڈی آر 50 فیصد سے بڑھ جاتا ہے تو پھر حکومت عام شرح سے 39 فیصد ٹیکس ہی وصول کرے گی۔ واضح رہے کہ یہ ٹیکس سال کے آخری دن کے اعداد و شمار پر کیلکولیٹ کیا جاتا ہے، جس کو بینکس اپنے مفاد میں استعمال کرتے ہیں، رپورٹ کے مطابق بینکس ایک بار پھر استثنا حاصل کرنے کے لیے سرگرم ہیں، اور کئی بار اس حوالے سے اعلی حکام کو اپروچ کر چکے ہیں اور کر رہے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 34

اور روس کے ساتھ بھی تجارت کو فروغ دے رہا ہے۔ حال ہی میں ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان وسطی ایشیا سمیت چین اور روس کے ساتھ اپنا زمینی راستہ استوار کر چکا ہے، این ایل سی نے اب تک شنگھائی ریجن کے 7 ملکوں کے 300 کامیاب تجارتی آپریشن کیے ہیں۔ مارچ 2023 میں نیشنل لاجسٹکس سیل نے این ڈی ایم اے کے ساتھ مل کر ترکیہ میں آنے والے زلزلے کے بعد بروقت امداد پہنچائی۔ پاکستان خطے کے دوسرے ممالک کے ساتھ دوطرفہ تعلقات بڑھانے کے لیے افغانستان، ایران اور ترکمانستان کو ٹرانزٹ ریاست کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ این ایل سی کے تعاون سے چین، روس اور بالخصوص وسطی ایشیائی ریاستوں کو گوشت، پھل اور سبزیاں برآمد کر رہا ہے۔ پاکستان سے برآمد ہونے والی مصنوعات میں ڈرائی فروٹ، مچھلی، چاول، آلو، پیاز، کھیرا، کیلے، چیری، کینو اور آم سر فہرست ہیں۔ ان مصنوعات کی ترسیل میں جہاں پاکستان کو کثیر زرمبادلہ حاصل ہو رہا ہے وہیں خطے میں علاقائی تعاون بھی فروغ پا رہا ہے۔ پاکستان شنگھائی ریجن میں اپنی برآمدات کو بڑھانے کی غرض سے غیر متزلزل علاقائی تعاون کا خواہاں ہے۔ این ایل سی کے ساتھ ساتھ قانون نافض کرنے والے ادارے تجارت کے نئے سنگ میل عبور کرنے کی ہر ممکنہ کوشش کر رہے ہیں۔ بڑھتی ہوئی تجارتی سرگرمیاں خطے میں امن و سلامتی کی فضا پیدا کر رہی ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 35

کے تحت طلب کیا ہے۔ اس اجلاس میں ممکنہ طور پر 26 ویں آئینی ترمیم کو منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ حکومت گزشتہ ماہ سے ایک اہم آئینی ترمیم کی منظوری کو یقینی بنانے کے لیے کوششیں کر رہی ہے۔ 16 ستمبر کو آئین میں 26 ویں ترمیم کے حوالے سے اتفاق رائے نہ ہونے اور حکومت کو درکار دو تہائی اکثریت حاصل نہ ہونے پر قومی اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دیا گیا تھا۔ پورے دن کی کوششوں کے باوجود بھی آئینی پیکج پر اپوزیشن بالخصوص مولانا فضل الرحمٰن کو منانے میں ناکامی کے بعد ترمیم کی منظوری غیر معینہ مدت تک موخر کر دی گئی تھی۔ اس کے بعد آئینی ترمیم پر مشاورت کے لیے خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جس میں تمام جماعتوں کے نمائندے شامل تھے اور اس دوران مولانا فضل الرحمٰن سمیت اپوزیشن کی منانے کے لیے تگ و دو کرتی رہی۔ بالآخر گزشتہ دنوں حکومت اپنی کوششوں میں کامیاب رہی اور پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) اور جمعیت علمائے اسلام (ف) میں 26 ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے اتفاق رائے ہوگیا تھا۔ گزشتہ روز جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا تھا کہ آئینی ترمیم کے مسودے پر پاکستان پیپلز پارٹی اور ان کے درمیان اتفاق ہوگیا ہے، پیپلز پارٹی نے بھی ہمارے تجویز سے ملتا جلتا مسودہ تیار کیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 36

خدمت کے مقدس پیشے کے وقار میں اضافے کے لئے پوری محنت اور دیانتداری سے اپنے فرائض منصبی ادا کرنے چاہئیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر اظہر محمود کیانی نے لاہور جنرل ہسپتال اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز کے مختلف شعبوں کا تفصیلی جائزہ لینے کے موقع پر کیا۔ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمود الفرید ظفر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر نیورو انسٹی ٹیوٹ پروفیسر محمد آصف بشیر، ایم ایس ''پنز'' ڈاکٹر عمر اسحاق و دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بعد ازاں مشیر صحت نے لاہور جنرل ہسپتال کے کمیٹی روم میں اکیڈمک کونسل کے اجلاس کی صدارت کی جہاں پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے انہیں تمام شعبوں کی کارکردگی بارے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پی جی ایم آئی میں ریسرچ پر سالانہ ایک کروڑ روپے سے زائد خطیر رقم خرچ کی جاتی ہے جبکہ جنرل ہسپتال میں گائنی، سرجری و دیگر شعبوں میں بھی لیپر وسکوپی کے ذریعے مریضوں کا علاج کیا جا رہا ہے تاکہ انہیں زیادہ دیر ہسپتال میں قیام نہ کرنا پڑے۔ مشیر صحت ڈاکٹر اظہر محمود کیانی نے لاہور جنرل ہسپتال میں جدید ٹیکنالوجی لیپرو سکوپی کے استعمال پر پروفیسر الفرید ظفر کی کاوشوں کو سراہا اور انہیں شاباش دی۔ مشیر صحت ڈاکٹر اظہر محمود کیانی نے اجلاس کے شرکاء کو یقین دلایا کہ وہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز سے نرسنگ کالج لاہور جنرل ہسپتال کی سیٹیں 200 سے بڑھا کر 300 کرنے کی سفارش کریں گے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دستیاب وسائل کا زیادہ سے زیادہ استعمال اور ان کے بہترین استفادہ کے لئے مربوط حکمت عملی پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے تاکہ ہسپتالوں کو درپیش مسائل حل کر کے مریضوں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ مشیر صحت ڈاکٹر اظہر محمود کیانی نے مزید کہا کہ ضلعی ہسپتالوں سے ٹیچنگ ہسپتالوں میں مریضوں کی منتقلی کے لئے ریفرنس سسٹم کی مانیٹرنگ اور آڈٹ کا میکنزم بھی واضح کر دیا گیا ہے تاکہ کسی بھی مریض کو علاج معالجے کے سلسلے میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اور تمام مریضوں کو یکساں طور پر بہترین طبی سہولیات میسر آسکیں۔ مشیر صحت نے کہا کہ لاہور جنرل ہسپتال میں روزانہ بڑی تعداد میں مریض آتے ہیں اور ان کے لئے مزید آسانیاں پیدا کرنے کے لئے وزیر اعلیٰ پنجاب سے مزید سفارشات کی جائیں گی۔ بعد ازاں پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے مشیر صحت کو اعزازی شیلڈ بھی پیش کی۔

### بقیہ بقیہ جات 37

وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی، رکن بلوچستان اسمبلی خیر جان چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ بابر خان، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن حافظ محمد طاہر اور پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز نے شرکت کی اجلاس میں بلوچستان کی جامعات کے مالی و انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان کی جامعات میں کوئی نئی بھرتی نہیں ہوگی اشد ضروری تدریسی اسٹاف کی ایڈہاک پر تعیناتی نئے ایکٹ کے تحت ہوگی اس ضمن میں کنٹریکٹ پالیسی سے متعلق بلوچستان اسمبلی میں جلد قانون سازی کی جائے گی مالی بحران کے باعث یونیورسٹیز میں نئے تعمیراتی پروجیکٹس تشکیل نہیں دیئے جائیں گے اجلاس میں وزیر اعلی بلوچستان نے چیف سیکرٹری کی سربراہی میں جامعات کی کمرشل سرگرمیوں کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت اقدامات کے لئے کمیٹی قائم کرنے کی منظوری دی اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تمام یونیورسٹیز کے اساتذہ و اسٹاف کی تنخواہوں اور پینشن کی فوری ادائیگی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ تنخواہیں کام کرنے والے اساتذہ اور ملازمین کا حق ہے تنخواہوں کی بروقت ادائیگی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ جو استاد ڈیوٹی کرے گا، تنخواہ کا حق دار ہوگا تاہم گھر بیٹھے کسی کو تنخواہ نہیں دے سکتے غیر حاضر اور ڈیوٹی سے غفلت برتنے والے اہلکاروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں غیر ضروری بھرتیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ غیر ضروری اور اضافی اسٹاف کم کر کے رائٹ سائزنگ کی جائے نئی بھرتیوں اور تعمیراتی پروجیکٹس سے گریز کیا جائے پبلک سیکٹر یونیورسٹیاں اپنے فنانشل مینجمنٹ نظام کو بہتر بنائیں وزیر اعلی نے کہا کہ جامع کنٹریکٹ پالیسی کی تشکیل کے لئے ضروری قانون سازی کی جارہی ہے عارضی بنیادوں پر بھرتی کے لئے بلوچستان کنٹریکٹ اپائنٹمنٹ ایکٹ لایا جارہا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تعلیم کی ترقی ہمارا نصب العین ہے ڈویلپمنٹ پروجیکٹس اوع دیگر مدات سے فنڈز کاٹ کر جامعات کو وسائل فراہم کریں گے تاہم پھر جوابدہی کے موثر عمل کے ذریعے بہتر نتائج کا حصول بھی چاہیں گے وزیر اعلی نے جامعات کے وائس چانسلرز کو ہدایت کی کہ غیر مقبول اور غیر سود مند فیکلٹیز کو بتدریج ختم کیا جائے اور جامعات کے غیر ضروری اخراجات کو کم کرتے ہوئے بتدریج ختم کیا جائے وسائل کی فراہمی کارکردگی سے مشروط ہوگی جامعات میں جدید تحقیقی عمل و علم کو فروغ دیا جائے اور طلبہ کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے کارآمد اسکلز اور تعلیم دی جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 38

نہیں دی جارہی، متعلقہ جیل حکام کو گھر سے کھانے اور بی کلاس فراہم کرنے کی درخواست دی، متعلقہ حکام کا درخواست گزار کو سہولیات نہ دینا قانون کی خلاف ورزی ہے۔ معزز عدالت سے استدعا ہے کہ عدالت جیل حکام کو بی کلاس کی سہولیات فراہم کرنے کا حکم دے ، درخواست گزار کو گھر سے کھانا منگوانے کی اجازت دی جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 39

مہم میں حکومتی ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ٹیمیں ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کیلئے متعلقہ محکموں کو بھرپور معاونت فراہم کریں اور فضائی آلودگی کا سبب بننے والی سرگرمیوں کے خلاف قانونی کارروائیوں میں تیزی لائی جائے۔ سی سی پی او لاہور نے سموگ کے خدشات کے پیش نظر فضائی آلودگی کا سبب بننے والی سرگرمیوں کی خصوصی مانیٹرنگ کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک پولیس سموگ کا باعث بننے والی ٹرانسپورٹ کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے۔

### بقیہ بقیہ جات 40

ٹی اوز بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں کے خلاف بلا تفریق کاروائی جاری رکھیں، صوبہ بھر میں ناکہ جات لگا کر لائسنس کی چیکنگ کو یقینی بنایا جائے۔ بغیر لائسنس گاڑی موٹرسائیکل چلانے والے حادثات کا سبب بنتے ہیں۔ بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں کے خلاف 2000 کے جرمانے اور قانونی کاروائی بھی عمل میں لائی جارہی ہے۔ جرمانے اور قانونی کاروائی سے بچنے کے لیے شہری اپنا ڈرائیونگ لائسنس بنوائیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک نے کہا کہ شہری ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے آن لائن ڈیجیٹل پورٹل خدمت مراکز اور لائسنس سینٹرز کی سہولیات سے فائدہ اٹھائیں۔ شہریوں کو محفوظ سفر فراہم کرنا ٹریفک پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 41

ہے۔ ایف آئی آر میں کہا گیا کہ بچی کے والدین نے کہا کہ بیٹی دو اکتوبر کو گھر میں گری جس سے اس کو گہری چوٹ آئی، 11 اکتوبر تک اس کا علاج اتفاق اور جنرل ہسپتال میں کیا گیا جہاں اسے 15 دن کا بیڈ ریسٹ تجویز کیا گیا، بیٹی چوٹ لگنے کے بعد نہ کالج گئی نہ کہیں اور، ویڈیو سے خاندان کی ساکھ کو نقصان پہنچایا گیا۔ ایف آئی آر متن کے مطابق والدین نے کہا کہ ویڈیو محض بدنام کرنے کیلئے بنائی گئی، اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں، واقعہ سے طلبہ اور عوام الناس کو حکومتی اداروں کیخلاف سوچی سمجھی سازش کے تحت بھٹکایا گیا، اشتعال دلوا کر احتجاج کرنے پر مجبور کیا گیا، جس سے مشتعل افراد نے جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کی، واقعہ سے بڑے پیمانے پر مالی نقصان ہوا۔ یاد رہے کہ مذکورہ واقعہ بارے ڈس انفارمیشن اور انتشار پھیلانے والوں کے خلاف انکوائری کیلئے ایف آئی اے نے سائبر کرائم سیل کی 7 رکنی کمیٹی بھی قائم کر دی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 42

نظر نہیں آ رہی، جمعیت لاکھوں نظریاتی اور غریب کارکنوں کی جماعت ہے جو اپنے اغراض و مقاصد پر کار بند رہتی ہے، ہر کارکن جمعیت علما اسلام کا پیغام اور منشور گھر گھر تک پہنچانے میں اپنی صلاحتیں بروئے کار لائے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کی تاریخ ملک کیلئے قربانیوں سے بھری پڑی ہے ہم نے ہر دور میں وطن عزیز کیلئے قربانیاں دی ہے ہمارے کارکنوں کی ملک کیساتھ محبت کرنے کی پرورش ہوئی ہے، ہمیشہ جمعیت علما اسلام ملک کی جغرفیائی سرحدات کیلئے صف اول میں رہی ہے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن ملک کی اساس اور نظریہ کی حفاظت سمیت روشن مستقبل کی حفاظت کرنے کے لئے کمر بستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمران طبقہ عوام کی مشکلات کے ساتھ مخلص نہیں ہے اقتدار میں ہو نہ ہو جمعیت علما اسلام نے عوام کی آواز ہمیشہ ایوان میں پہنچائی۔

### بقیہ بقیہ جات 43

اداروں کے نمائندوں نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے سائنسی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سو فیصد نتائج حاصل کرنے کیلئے مائیکرو پلانز کی ڈیجیٹائزیشن از حد ضروری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈیٹا کا تجزیہ کرنے کے بعد مسڈ چلڈرن کی کوریج سے متعلق لائحہ عمل تیار کیا جائے اور ٹرانزٹ پوائنٹس پر پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔ سیکرٹری پرائمری ہیلتھ نادیہ ثاقب نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب میں قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز 28 اکتوبر سے ہوگا، لاہور، راولپنڈی اور فیصل آباد میں مہم تین نومبر، دیگر 33 اضلاع میں یکم نومبر تک جاری رہے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 44

اور 35 نشہ آور گولیاں برآمد کی گئیں۔ علاوہ ازیں لاہور ایئر پورٹ پر دبئی جانے والے 2 مسافروں سے 2.450 کلو آئس برآمد کی گئی جبکہ قصور میں نور مسجد کے قریب سے 20.400 کلو آئس برآمد کر کے ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ٹھوکر نیاز بیگ لاہور میں دو ملزمان سے 5 کلو افیون برآمد کی گئی، گرفتار ملزمان کے خلاف انسدادِ منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کیے گئے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 45

والا 40 سالہ عابد دورانِ علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا جبکہ متوفی کا شیر خوار بیٹا ڈیڑھ سالہ عاطف نجی اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا۔ حادثے میں زخمی ہونے والی متوفی عابد کی اہلیہ 35 سالہ نادرہ کی حالت بھی تشویش ناک بتائی جاتی ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثہ نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے پیش آیا، تاہم پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 46

علاج کے لیے جناح ہسپتال لے جایا گیا جہاں پر ابوبکر کی موت واقع ہوگئی۔ پولیس نے دفعہ 319 کے تحت مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ ایس ایچ او ناصر حمید نے کہا کہ عطائی ڈاکٹر محمد اشفاق واقعہ کے بعد سے فرار ہے جس کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 47

ترویج میں پیس ٹی وی کا کردار لائق تحسین ہے حکومت پیس ٹی وی کو کیبل نیٹ ورک پر بحال کرے گی۔ چوہدری شافع حسین نے معروف مذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک کی دینی خدمات کو سراہا۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک نے صوبائی وزیر صنعت و تجارت کے ہمراہ آئے طلبہ کے سوالوں کے جواب دیئے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق بھی اس موقع پر موجود تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 48

کنزہ سے جب پوچھا تو لڑکی نے زیادتی کے متعلق بتایا۔ والدہ کی درخواست پر ملزم سیف علی کے خلاف تھانہ چوہنگ میں مقدمہ درج کر کے جینڈر سیل کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں کا کہنا تھا کہ بچوں اور خواتین کا استحصال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 49

کو بہاول وکٹوریہ اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 50

تجاوزات ہٹانے کی ہدایت کی تھی اور اس بات کا مشاہدہ کیا تھا کہ فٹ پاتھوں، گرین بیلٹس، چلنے کی جگہوں اور گلیوں پر تجاوزات نے شہر کو خراب کر دیا ہے اور اس سے سنگین صورتحال پیدا ہو رہی ہے، جس سے ٹریفک کی روانی میں مسائل ہیں لیکن کوئی اتھارٹی اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے تیار نہیں۔ کراچی میں انفرا اسٹرکچر کی خراب صورتحال پر تبادل خیال کے لیے ایک اور اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے وزیر بلدیات سعید غنی کی زیر سربراہی ٹاسک فورس تشکیل دے دی ہے اور شہر کی اہم ترین 10 سے 15 سڑکوں سے تجاوزات ختم کرنے کے لیے ڈیڈ لائن مقرر کی ہے۔ مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ جاری ترقیاتی منصوبے، تباہ شدہ سڑکیں، نکاسی آب کے مسائل، غیر قانونی پارکنگ اور تیزی سے بڑھتی ہوئی تجاوزات کی وجہ سے شہر میں ٹریفک جام کی صورتحال پیدا ہوتی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 51

نواز ملک ہے، یہ اجلاس خطے کے ممالک کے لئے باہمی تعاون اور دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کا ایک سنہری موقع ہے۔ سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ یہ صرف اور صرف قائد میاں محمد نواز شریف کی قائدانہ صلاحتیں ہیں جن کو بروئے کار لاتے ہوئے آج ہمارا ملک دوبارہ سے عالمی برادری میں اپنا مقام حاصل کر رہا ہے، نواز شریف کے ویژن نے ملک کو مضبوط سفارتی مقام دلایا۔ انہوں نے کہا کہ اب انشا اللہ وہ دن دور نہیں جب ہمارا ملک ترقی کی منزلیں عبور کر کے اپنا کھویا ہوا مقام حاصل اور ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا نظر آئے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 52

ہاریوں کیلئے سرٹی فائیڈ سیڈ گندم کے بیج کی قیمت 6 ہزار روپے مقرر کر دی ہے، کسان محکمہ زراعت کی سیڈ کارپوریشن سے منظورہ شدہ گندم کا بیج خرید سکیں گے۔ ترجمان کے مطابق سندھ سیڈ کارپوریشن نے مارکیٹ سے گندم کے بیج کی قیمت 300 روپے کم رکھی ہے، کسان سندھ سیڈ کارپوریشن کے گھوٹکی، سیٹھارجہ اور کوٹڈیجی کے سرکاری سینٹرز سے گندم سیڈ کا بیج خرید سکتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 53

جائے گی۔ ایڈیشنل ڈی سی قندیل فاطمہ نے بتایا ہے کہ نرسوں اور وارڈ انچارج کو تحقیقات کے لیے دفتر طلب کیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 54

منظور کرتے ہوئے فریقین سے 3 ہفتوں میں جواب طلب کر لیا۔ عدالت نے میئر کراچی سے بلدیہ عظمیٰ کے تحت قائم اسپتالوں اور اسکولوں کی فہرست اور ان کی موجودہ صورتحال، عملے اور طلبا کی تعداد سے متعلق رپورٹ طلب کی ہے۔ عثمان فاروق ایڈووکیٹ نے موقف اپنایا کہ میئر کراچی نے اپوزیشن سے عدالتی حکم کے باوجود مشاورتی عمل کو بائی پاس کرتے ہوئے معاہدہ کیا ہے۔ میئر کراچی نے اپوزیشن جماعتوں جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی سے کوئی مشاورت نہیں کی۔ میئر کراچی اور کے الیکٹرک کے درمیان ہونے والے معاہدے کو کالعدم قرار دیا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 55

محمد عمر موقع پر دم توڑ گئے۔ واقعہ میں ان کی 25 سالہ بیٹی علیزہ شدید زخمی ہوگئی۔ تینوں لاشوں کو ٹی ایچ کیو اسپتال حاصل پور جبکہ زخمی خاتون کو ڈی ایچ کیو ہسپتال وہاڑی منتقل کر دیا گیا۔ حادثہ کا شکار ہونیوالی فیملی لاہور سے حاصل پور واپس گھر جارہی تھی۔

### بقیہ بقیہ جات 56

نصر اللہ کو زکوۃ و عشر کے محکمے کا قلمدان سونپ دیا۔ راشد اقبال نصر اللہ محکمہ زکوۃ و عشر سے متعلق امور سرانجام دیں گے، چیف سیکریٹری آفس سے راشد اقبال نصر اللہ کی تقرری سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 57

تعلقات کیلئے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی بھارتی حکومت کشمیریوں کی شناخت ختم کرنے کے درپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنے ووٹ کے ذریعے بی جے پی حکومت کے 2019 کے غیر قانونی اقدامات کو مسترد کر دیا جن کی وجہ سے کشمیری بہت متاثر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کیطرف سے 370 اور 35 اے کی دفعات ختم کرنے کے غیر قانونی اقدام کی وجہ سے تنازعہ کشمیر عالمی سطح پر مزید اجاگر ہوا۔ میر واعظ نے کہا کہ بی جے پی کی بھارتی حکومت کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ علاقے کے زمینی حقائق تسلیم کر کے تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے بات چیت کا راستہ اختیار کرے۔ دریں اثنا میر واعظ عمر فاروق نے شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ کے عرس پاک کے موقع پر قدیم تاریخی آستانہ عالیہ خانیار شریف سرینگر ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب میں بھارت میں اقلیتوں خاص طور پر مسلمانوں کی حالت زار تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلمان مسلسل خوف و دہشت کے ماحول میں جی رہے ہیں۔ انہوں نے مسلمانوں کے قتل، انکے خلاف پائے جانے والے تعصب، بلڈوز مہم کے ذریعے ان کے گھروں اور مساجد کی مسماری کے واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے حکمرانوں پر زور دیا کہ وہ اقلیتوں کو نشانہ بنانے والی امتیازی پالیسیاں بند کریں۔ میر واعظ نے وقف ترمیمی بل کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کو بے اختیار کرنے کی کسی بھی کوشش کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 58

کو تقریباً 1 لاکھ 88 ہزار کا گمشدہ سامان واپس کیا، اسی تناظر میں پشاور ڈویژن نے 1، راولپنڈی 9، لاہور 2، ملتان 1، سکھر 4 اور کراچی ڈویژن نے 8 بچوں/بچیوں کو ورثا کے حوالے کیا، گمشدہ سامان اور دیگر امداد کی صورت میں پشاور ڈویژن نے 91، راولپنڈی 123، لاہور 82، ملتان 38 جبکہ سکھر 39، کوئٹہ 6 اور کراچی ڈویژن نے 139 مسافروں کی معاونت کی۔ اس کے علاوہ لاہور ڈویژن نے 1 لاکھ 15 ہزار اور سکھر نے 1 لاکھ 6 ہزار مالیت کا قیمتی گمشدہ سامان مسافروں کے حوالے کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 59

ادارے کی ترقی کسی صورت ممکن نہیں ہے، اس لیے عملے کی تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے۔ چیف ایگزیکٹو لیسکو کی زیر صدارت ہونیوالے اجلاس میں ڈائریکٹر ایچ آر ضمیر حسین کولاچی، چیف فنانس آفیسر بشری عمران، ڈی جی ایڈمن معصومہ عادل، چیف انجینئر آپریشنز عباس علی، چیف انجینئر پی اینڈ ڈی عمران محمود، کمپنی سیکریٹری گوہر ایوب، چیف انٹرنل آڈٹ محمد طیب، ڈائریکٹر کمرشل طاہر ندیم، ڈائریکٹر سیفٹی فواد خالد اور ڈائریکٹر کمپلینٹ سیل رانا رضوان صبغت اللہ موجود تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 60

سمری کی منظوری نہیں دی، جس کے باعث شہریوں کو اسلحہ لائسنس فراہم نہیں کیے جا رہے۔

### بقیہ بقیہ جات 61

بیان کے مطابق چوکیدار نے صفائی کے بہانے اسے سکول کے کمرے کیا اندر بلایا اور جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا، پولیس نے متاثرہ طالبہ کی مدعیت میں نجی اسکول کے چوکیدار کے خلاف متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 62

آئینی ترمیم پر کام کر رہے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ کیا عوام اس ظلم و جبر کے ذریعے پیش ہونے والی قانون سازی کے خلاف آواز نہیں اٹھائیں گے، تحریک انصاف تو اس ظلم و جبر کے خلاف کھڑی ہے، ہم مسلسل اپنا پرامن احتجاج ریکارڈ کرا رہے ہیں۔ سابق سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ اپوزیشن کے ممبران کو ایک ارب سے بھی زیادہ کی آفرز آ رہی ہیں، چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کیا جا رہا ہے، پاکستان کے عوام سے کہتا ہوں کہ آپ ہمیشہ اپنے حق کے لیے اٹھے ہیں، بانی پی ٹی آئی اگر آج جیل میں ہیں تو آپ کی حقیقی آزادی کے لیے جیل میں ہیں۔

# حکومت آئینی پیکیج بارے جھوٹ بول رہی ہے اصل مسودہ چھپایا گیا ہے اسد قیصر

## ہمیں اطلاع ملی ہے کہ ان کا جو پرانا مسودہ تھا، وہی برقرار ہے، آئینی مسودے میں یہ آئینی عدالتوں کے علاوہ ملٹری کورٹ کی بات کررہے ہے

## کیا عوام اس ظلم وجبر کے ذریعے پیش ہونے والی قانون سازی کیخلاف آواز نہیں اٹھائیں گے، تحریک انصاف اس ظلم وجبر کے خلاف کھڑی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما وسابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ حکومت آئینی پیکیج کے حوالے سے مسلسل جھوٹ بول رہی ہے، ابھی تک اصل آئینی مسودے کو چھپایا گیا ہے۔ اپنے ویڈیو پیغام میں اسد قیصر نے کہا کہ ہمیں اطلاع ملی ہے کہ ان کا جو پرانا مسودہ تھا، وہی برقرار ہے، آئینی مسودے میں یہ آئینی عدالتوں کے علاوہ ملٹری کورٹ کی بات کررہے ہیں، یہ بنیادی انسانی حقوق کو کم کرنے کے لیے (بقیہ نمبر 62)

لاہور، وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین معروف مذہبی سکالرز ڈاکٹر ذاکر نائیک ملاقات کررہے ہیں

### صوابی، نجی اسکول کے چوکیدار کی چوتھی

### جماعت کی طالبہ سے مبینہ زیادتی، مقدمہ درج

صوابی (این این آئی) صوابی میں نجی اسکول کے چوکیدار کی جانب سے مبینہ طور پر چوتھی جماعت کی طالبہ کو جنسی زیادتی کا نشانہ بنانے کا واقعہ پیش آیا ہے، پولیس چوکیدار کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس کے مطابق صوابی کے تھانہ کالوخان کی حدود میں واقع ادینہ کے علاقے میں نجی اسکول کے چوکیدار نے ایک نوعمر طالبہ کو مبینہ زیادتی کا نشانہ بنایا ہے۔ پولیس کے مطابق چوکیدار کے ہاتھوں جنسی زیادتی کا نشانہ بننے والی طالبہ کی عمر 12 سال ہے اور وہ چوتھی جماعت میں زیر تعلیم ہے۔ متاثرہ بچی کے (بقیہ نمبر 61)

### ریلویز پولیس نے ہفتہ وار فلاحی

### کارروائیوں کی تفصیلات جاری کردیں

لاہور (این این آئی) ریلویز پولیس نے ہفتہ وار فلاحی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کردیں۔ ترجمان کے مطابق 07 سے 13 اکتوبر تک 25 گھر سے بھاگے اور گمشدہ بچے/بچیاں ورثا کے حوالے کئے، 54 مسافروں کو تقریباً 4 لاکھ 73 ہزار مالیت کا گمشدہ سامان واپس کیا گیا، معمر افراد اور زخمیوں سمیت 464 مسافروں کو وہیل چیئر اور طبی امداد فراہم کی گئی۔ ہفتہ وار فلاحی کارروائی میں راولپنڈی ڈویژن کارکردگی کے حساب سے ہمیشہ کی طرح نمایاں رہی۔ راولپنڈی ڈویژن نے 13 مسافروں (بقیہ نمبر 58)

### انٹرمیڈیٹ دوسرے سالانہ

### امتحانات کا (آج) سے آغاز

لاہور (این این آئی) انٹرمیڈیٹ کے دوسرے سالانہ امتحانات کا آغاز آج (جمعرات) 17 اکتوبر سے ہوگا۔ پہلے روز طلبا سائیکالوجی، فوڈ اینڈ نیوٹریشن، اور کمرشل جغرافیہ کے پرچے دیں گے۔ رواں سال، انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں 51 ہزار امیدوار شرکت کر رہے ہیں، جو کہ تعلیم کے شعبے میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ یہ امتحانات 15 نومبر تک جاری رہیں گے، جس دوران طلبا مختلف مضامین کے پرچوں میں اپنے علم اور مہارت کا مظاہرہ کریں گے۔

# محکمہ داخلہ کی نئے اسلحہ لائسنس سے متعلق سمری التواء کا شکار

## اضلاع کے ڈی سیز کو نئے اسلحہ لائسنس عوام کو جاری کرنے کا اختیار دینے کی سمری ارسال کی گئی تھی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب کی عوام کو نئے اسلحہ لائسنس دینے کی سمری التواء کا شکار ہوکر رہ گئی۔ محکمہ داخلہ کی عوام کو اسلحہ لائسنس جاری کرنے کی سمری کابینہ میں زیر التواء ہے۔ محکمہ داخلہ نے اضلاع کے ڈی سیز کو نئے اسلحہ لائسنس عوام کو جاری کرنے کا اختیار دینے کی سمری ارسال کر رکھی ہے۔ محکمہ داخلہ ضلع کی سطح پر یہ اختیار دینا چاہتا ہے۔ مگر ایک عرصے سے کابینہ نے (بقیہ نمبر 60)

# لیسکو میں تربیت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس

## عملے کی تربیت کے معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال، مختلف تجاویز پر غور

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی میں تربیت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا۔ ترجمان لیسکو کے مطابق چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں لیسکو عملے کی تربیت کے معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ اس موقع پر مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔ انجینئر شاہد حیدر کا کہنا تھا کہ ترتیب یافتہ عملے کے بغیر (بقیہ نمبر 59)

# مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر خطے میں پائیدار امن وترقی ممکن نہیں، میر واعظ

## پاک بھارت کشیدگی کی بنیادی وجہ تنازعہ کشمیر، حل خوشگوار تعلقات کے لئے ضروری ہے

سرینگر (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ عمر فاروق نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر خطے میں پائیدار امن واستحکام اور اقتصادی ترقی کا خواب ہرگز شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق میر واعظ نے سرینگر میں ایک انٹرویو میں کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کی بنیادی وجہ تنازعہ کشمیر ہے جسکا حل دنوں ملکوں کے درمیان خوشگوار (بقیہ نمبر 57)

لاہور، ریلوے ورکرز یونین کے زیر اہتمام ملازمین اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج مظاہرہ کررہے ہیں

# ایل ڈی اے سٹی پلاٹ مالکان کو قبضے دینے کیلئے تقریب کا انعقاد

## وائس چیئرمین مرغوب احمد اور ڈی جی ایل ڈی اے نے مالکان میں قبضے (پوزیشن) کے لیٹر تقسیم کیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ایل ڈی اے سٹی پلاٹ مالکان کو قبضے (پوزیشن) دینے کے لئے گزشتہ روز تقریب کا انعقاد ہوا۔ تقریب میں وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد، پارلیمانی سیکرٹری ہاؤسنگ وممبر گورننگ باڈی بیرسٹر سلطان باجوہ، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق اور دیگر ممبران گورننگ باڈی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ایل ڈی اے سٹی جناح سیکٹر بی، ڈی اور ای بلاک میں ایک اور دو کنال کے کمرشل و رہائشی پلاٹوں کے قبضے (پوزیشن) دیئے گئے۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد نے پلاٹ مالکان میں قبضے (پوزیشن) کے لیٹر تقسیم کیے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے بھی مالکان میں قبضے (پوزیشن) کے لیٹر تقسیم کیے۔

# ادارہ ماحولیات پنجاب کا سخت کریک ڈاؤن جاری

## 63 انڈسٹریل یونٹس، اینٹوں کے بھٹوں کو مسمار، 46 کو سیل کر دیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) ادارہ ماحولیات پنجاب کی جانب سے سخت کریک ڈاؤن جاری، 63 انڈسٹریل یونٹس اور اینٹوں کے بھٹوں کو مسمار جبکہ 46 کو سیل کر دیا گیا۔ ترجمان ادارہ ماحولیات پنجاب ساجد بشیر نے بتایا کہ گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 916 صنعتی یونٹس اور اینٹوں کے بھٹوں کی انسپکشن کی گئی۔ جبکہ 63 انڈسٹریل یونٹس اور اینٹوں کے بھٹوں کو مسمار اور 46 کو سیل کر دیا گیا۔ پنجاب بھر میں 173 یونٹس کو نوٹسز اور 24 ایف آئی آرز درج کی گئیں۔ ترجمان کے مطابق لاہور میں انڈسٹریل یونٹس مسمار 4 کو سیل، 11 ایف آئی آرز، 10 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گے۔

لاہور، ویلنشیا ٹاؤن فسٹ سلمان ملک میموریل ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ کا افتتاح چیف گیسٹ شکیل انجم، امتیاز احمد، شہزاد ملک، عظمت نشان کررہے ہیں

# رواں سال بغیر لائسنس پر 15 لاکھ 25 ہزار سے زائد چالان ٹکٹ جاری

## بغیر لائسنس گاڑی، موٹر سائیکل چلانے والے حادثات کا سبب بنتے ہیں' مرزا فاران بیگ

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے احکامات پر بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، رواں سال بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں کے خلاف کارروائیوں میں 188 فیصد اضافہ، رواں سال بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں کو 15 لاکھ 25 ہزار سے زائد چالان ٹکٹ جاری کیے گئے۔ ترجمان ٹریفک کے مطابق لاہور ٹریفک پولیس نے 4 لاکھ 96 ہزار سے زائد شہریوں کو بغیر لائسنس گاڑی چلانے پر چالان ٹکٹ جاری کیے۔ ٹریفک پولیس گوجرانوالہ نے 1 لاکھ 65 ہزار 402 فیصل اباد نے 1 لاکھ 46 ہزار، راولپنڈی نے 1 لاکھ 30 ہزار شہریوں کو بغیر لائسنس پر جرمانے کیے۔ ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ نے کہا کہ تمام سی ٹی اوز اور ڈی (بقیہ نمبر 40)

# نجی کالج کی طالبہ کیساتھ منسلک من گھڑت ویڈیو کے واقعے کا مقدمہ درج

## واقعہ سے طلبہ اور عوام الناس کو حکومتی اداروں کیخلاف سوچی سمجھی سازش کے تحت بھٹکایا گیا' متن

لاہور (این این آئی) نجی کالج کے طالبہ کیساتھ منسلک من گھڑت ویڈیو کے واقعے کا مقدمہ ڈیفنس اے تھانے میں درج کرلیا گیا۔ پولیس کی مدعیت میں درج ایف آئی آر کے متن کے مطابق سوشل میڈیا پر طالبہ کیساتھ مبینہ جنسی زیادتی کا نشانہ بنانے کی خبر وائرل ہوئی، واقعہ کی تصدیق کے لئے مختلف طلبا وطالبات سے پوچھا گیا، متعلقہ لڑکی اور اسکے والدین نے اس واقعہ کی مکمل تردید کی (بقیہ نمبر 41)

# موجودہ حکومت اپنی مدت پوری کرتی نظر نہیں آرہی' جے یو

## ہر کارکن جمعیت علما اسلام کا پیغام اور منشور گھر گھر تک پہنچانے میں اپنی صلاحتیں بروے کار لائے، بیان

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ موجودہ حکومت اپنی مدت پوری کرتی (بقیہ نمبر 42)

لاہور، وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑ کا فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری آمد پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

### پیف پارٹنر سکولوں کی

### ماہانہ ادائیگی میں اضافہ

لاہور (این این آئی) حکومت نے پیف پارٹنر سکولوں کی ماہانہ ادائیگی میں ایک سو روپے کا اضافہ کر دیا۔ نرسری تا دوئم سکولز ماہانہ فیس کی ادائیگی سات سو پچاس روپے کردی گئی۔ تیسری تا پنجم ماہانہ فیس کی ادائیگی آٹھ سو روپے، ششم تا ہشتم ماہانہ فیس کی ادائیگی نو سو روپے اور نہم و دہم آرٹس گیارہ سو اور سائنس کی تیرہ سو روپے ادائیگی کردی گئی۔ اسی طرح گیارہویں و بارہویں آرٹس پندرہ سو اور سائنس مضامین کی اٹھارہ سو روپے ماہانہ ادائیگی کردی گئی۔ سکولوں کو نئی ادائیگی یکم ستمبر 2024 سے نافذ العمل ہوگی۔ نئی فیسوں کی ادائیگیاں اکتوبر کے معاوضے کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔

### مسرت جمشید چیمہ کا جیل میں سہولیات

### کے لئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع

لاہور (سیاسی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے جیل میں سہولیات کے لئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی۔ درخواست میں صوبائی سیکرٹری داخلہ سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ درخواست گزار کو سیاسی بنیادوں پر کیسز میں گرفتار کیا گیا ہے، سینٹرل جیل لاہور میں درخواست گزار کو بی کلاس کی سہولیات (بقیہ نمبر 38)

### موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے پائیدار زرعی

### طریقوں کی ضرورت ہے' رومینہ خورشید

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کی موسمیاتی تبدیلی کی معاون رومینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے پائیدار زرعی طریقوں کی ضرورت پر زور دیا ہے جو عالمی غذائی تحفظ اور آبادی کی بہبود کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ خوراک کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی ایک دوسرے سے جڑے میکانزم کے ذریعے غذائی تحفظ اور پائیدار زراعت پر منفی اثرات مرتب کرتی ہے۔

# مشیر صحت کا جنرل ہسپتال/پنز کا دورہ، طبی سہولیات کی فراہمی پر اظہار اطمینان

## وزیر اعلیٰ سے نرسنگ کالج کی سیٹیں 200 سے بڑھا کر 300 کرنے کی سفارش کرینگے' اظہر محمود کیانی

لاہور (این این آئی) مشیر صحت پنجاب جنرل (ر) ڈاکٹر اظہر محمود کیانی نے کہا ہے کہ میڈیکل کی تعلیم کے فروغ اور ہسپتالوں میں خدمات کی فراہمی کے معیار کو بہتر بنانے میں میڈیکل اساتذہ اور دیگر سٹیک ہولڈرز کا بنیادی کردار ہے اور انہیں یہ ذمہ داری اپنی پیشہ وارانہ لگن اور انسانیت کی (بقیہ نمبر 36)

# بلوچستان حکومت کا صوبے کی جامعات میں نئی بھرتی نہ کرنے کا فیصلہ

## اشد ضروری تدریسی سٹاف کی ایڈہاک پر تعیناتی نئے ایکٹ کے تحت ہوگی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے مالی وانتظامی امور سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، صوبائی (بقیہ نمبر 37)

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین میاں مرغوب احمد ایل ڈی اے سٹی پلاٹ مالکان میں قبضے کے لیٹر تقسیم کرہے ہیں

# لاہور پولیس کی فضائی آلودگی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں

## سموگ کی روک تھام کیلئے رواں سال 189 مقدمات درج، 201 ملزمان کی گرفتاری

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کی جانب سے فضائی آلودگی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں متواتر جاری ہیں، اس حوالے سے رواں سال 189 مقدمات کا اندراج کر کے 201 ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ سٹی ڈویژن میں انسداد سموگ کے 55 ملزمان، کینٹ میں 67، سول لائنز میں 21، صدر میں 05، اقبال ٹاؤن میں 05 اور ماڈل ٹاؤن میں 48 ملزمان گرفتار کئے گئے ہیں۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ شہر میں سموگ کا باعث بننے والی ماحول دشمن سرگرمیوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دھواں چھوڑنے والی ٹرانسپورٹ، فیکٹریوں، فصلوں کی باقیات اور کوڑا جلانے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ انسداد سموگ (بقیہ نمبر 39)

بھاگ علی شاہ اسلامی ریسرچ سنٹر جیل روڈ کے زیر اہتمام شہنشاہ بغداد کانفرنس میں علامہ حافظ مشتاق قادری و دیگر خطاب کررہے ہیں

# پنجاب کابینہ میں تبدیلی بلال یاسین سے وزیر خوراک کا قلمدان واپس

## بلال یاسین کو ہاؤسنگ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا قلمدان مل گیا، محکمہ پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹی مینجمنٹ کے نئے وزیر کا تقرر کیا جائیگا

## وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے معاون خصوصی راشد اقبال نصر اللہ کو زکوۃ وعشر کے محکمے کا قلمدان سونپ دیا، تقرری کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبائی کابینہ میں بڑی تبدیلی کرتے ہوئے صوبائی وزیر خوراک کا قلمدان تبدیل کر دیا۔ وزیر اعلیٰ نے صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین سے خوراک کا قلمدان واپس لے کر انہیں ہاؤسنگ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا قلمدان سونپ دیا، محکمہ پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹی مینجمنٹ کے نئے وزیر کا بھی تقرر کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے معاون خصوصی راشد اقبال (بقیہ نمبر 56)

لاہور، صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن پنجاب پنشن فنڈ کی مینجمنٹ کمیٹی کے 48ویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

### سارہ شریف نے چوٹیں

### چھپانے کیلئے حجاب پہننا شروع

### کیا' برطانوی عدالت میں انکشاف

لندن (این این آئی) لندن کی اولڈ بیلی عدالت میں سارہ شریف قتل کیس کی کارروائی کے دوران نئے حقائق سامنے آرہے ہیں اور مقدمے کی تازہ ترین پیش رفت سے معلوم ہوا ہے کہ 10 سالہ لڑکی نے اپنے سر اور چہرے پر زخم چھپانے کے لیے حجاب پہنا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سارہ اگست 2023 میں لندن کے جنوب مغرب میں واقع قصبے ووکنگ میں اپنے گھر میں مردہ پائی گئی تھی

### بجلی بل میں میونسپل ٹیکس وصولی کیخلاف

### درخواست پر فریقین سے جواب طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے بجلی کے بل میں میونسپل ٹیکس کی وصولی کیخلاف درخواست پر فریقین سے جواب طلب کرلیا۔ بدھ کو سندھ ہائی کورٹ میں جسٹس ارشاد علی شاہ کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے بجلی کے بلوں میں میونسپل ٹیکس کی وصولی کیخلاف درخواست پر سماعت کی۔ کے ایم سی میں جماعت اسلامی کے اپوزیشن لیڈر سیف الدین ایڈووکیٹ کے وکیل عثمان فاروق ایڈوکیٹ نے درخواست کی فوری سماعت کی استدعا کردی۔ عدالت نے درخواست کی فوری سماعت کی استدعا (بقیہ نمبر 54)

### کندھ کوٹ میں سکول کے سامنے

### فائرنگ سے خاتون ٹیچر قتل

کراچی (این این آئی) سندھ کے شہر کندھ کوٹ میں گرلز اسکول کے سامنے فائرنگ کر کے خاتون ٹیچر کو قتل کر دیا گیا۔ وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے ایس ایس پی کندھ کوٹ کشمور سے تفصیلات طلب کر کے واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس ٹیمز کو متحرک کیا جائے۔ وزیر داخلہ سندھ نے ہدایت کی کہ کرائم سین سے اکٹھی کی گئی شہادتوں کی بنیاد پر تفتیش کو مؤثر اور کامیاب بنایا جائے۔

# وہاڑی سے لاہور جانیوالی فیملی کی کار کو حادثہ' 3 افراد جاں بحق

## واقعہ میں ان کی 25 سالہ بیٹی علیزہ شدید زخمی، فیملی حاصل پور واپس جا رہی تھی

وہاڑی (این این آئی) وہاڑی کے علاقہ لڈن میں افسوس ناک حادثہ میں تیز رفتار کار بے قابو ہوکر دکانوں سے ٹکرا گئی، حادثہ میں میاں بیوی سمیت 3 افراد جاں بحق اور ایک خاتون زخمی ہوگئی۔ لڈن سبزی منڈی کے قریب ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث تیز رفتار کار بے قابو ہوکر دکانوں سے ٹکرا گئی۔ المناک حادثہ میں حاصل پور کے رہائشی محمد ایوب ان کی بیوی ناہید اور قریبی عزیز کار ڈرائیو (بقیہ نمبر 55)

# رحیم یار خان' نجی ہسپتال میں 2 نرسوں کا وارڈ انچارج پر ہراسانی کا الزام

## وارڈ انچارج اور دونوں نرسوں کو معطل کر دیا گیا ہے' مزید تحقیقات جاری ہے، ایڈمن منیجر

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان کے نجی اسپتال میں 2 اسٹاف نرسوں نے وارڈ انچارج پر ہراسانی کا الزام عائد کر دیا۔ اسٹاف نرسز کے مطابق وارڈ انچارج آفس بلا کر ہراساں کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس معاملے پر اسپتال کے ایڈمن منیجر کا کہنا ہے کہ وارڈ انچارج اور دونوں نرسوں کو معطل کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ واقعے کی تحقیقات کے بعد مزید کارروائی عمل میں لائی (بقیہ نمبر 53)

# سندھ حکومت کا کاشتکاروں کو گندم کا بیج مارکیٹ سے کم قیمت پر دینے کا فیصلہ

## سندھ سیڈ کارپوریشن نے مارکیٹ سے گندم کے بیج کی قیمت 3 سو روپے کم رکھی ہے، ترجمان

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے کاشتکاروں کو اعلی کوالٹی کا گندم کا بیج مارکیٹ سے کم قیمت پر دینے کا فیصلہ کرلیا۔ محکمہ زراعت سندھ نے اعلی کوالٹی کا گندم کا بیج مارکیٹ سے 300 روپے کم قیمت پر دینے کا فیصلہ کرلیا، سندھ سیڈ کارپوریشن نے کاشتکاروں کیلئے اعلی کوالٹی کے گندم کے بیج بیسک کی قیمت 7 ہزار روپے مقرر کردی۔ ایم ڈی سندھ سیڈ کارپوریشن کے مطابق (بقیہ نمبر 52)

لاہور، چیف ٹریفک آفیسر عمارہ مظہر سرگنگارام ہسپتال روڈ پر وارڈنز کو ٹریفک کے حوالے سے ہدایات دے رہی ہیں

# کوئٹہ، ٹریننگ سے غیر حاضری پر لیویز کے 37 سپاہی برخاست

## کئی بار ٹریننگ میں شرکت کی ہدایت کے باوجود غیر حاضر ہونے پر ان اہلکاروں کو برخاست کیا گیا' ڈی جی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریننگ سے غیر حاضری پر لیویز کے 37 سپاہیوں کو برخاست کر دیا گیا۔ ڈی جی لیویز کے مطابق برخاست کیے گئے اہلکاروں کو نویں لائٹ کمانڈو ٹریننگ میں حصہ لینا تھا۔ ڈی جی لیویز کا کہنا ہے کہ کئی بار ٹریننگ میں شرکت کی ہدایت کے باوجود غیر حاضر ہونے پر ان اہلکاروں کو برخاست کیا گیا ہے۔

# اے این ایف کی کارروائیاں' کروڑوں مالیت کی منشیات برآمد

## مختلف شہروں میں 9 کارروائیاں' 11 ملزمان گرفتار' لاہور میں دبئی کے مسافر سے آئس برآمد

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) تعلیمی اداروں کے اطراف منشیات فروشی اور منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق مختلف شہروں میں 9 کارروائیوں کے دوران 11 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے، اس دوران ڈھائی کروڑ سے زائد مالیت کی 212.74 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی ہے۔ شکار پور اور سکھر میں یونیورسٹی کے قریب سے 141.6 کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق سکھر کوریئر آفس میں 3 پارسلز سے 42 کلو چرس برآمد کر کے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ اسلام آباد میں یونیورسٹی کے قریب ملزم سے 100 گرام چرس (بقیہ نمبر 44)

# شافع حسین کی ڈاکٹر ذاکر نائیک سے مقامی ہوٹل میں ملاقات

## فلسطین کی صورتحال، پاکستان میں پیس ٹی وی کی بحالی، اسلامی تعلیمات کے فروغ اور دیگر امور پر بات چیت

## عالمی برادری کو فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم رکوانے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے' وزیر صنعت وتجارت پنجاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے معروف مذہبی سکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک سے مقامی ہوٹل میں ملاقات کی۔ ملاقات میں فلسطین کی صورت حال، پاکستان میں پیس ٹی وی کی کیبل نیٹ ورک پر بحالی، اسلامی تعلیمات کے فروغ اور دیگر امور پر بات چیت ہوئی۔ دونوں راہنماؤں نے فلسطین کی صورت حال پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عالمی برادری کو فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم رکوانے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی تعلیمات کی (بقیہ نمبر 47)

لاہور، نوجوان نے ملبوسات فروخت کرنے کیلئے فٹ پاتھ پر دوکان سجا رکھی ہے

# کراچی میں سڑکوں سے تجاوزات ختم کرنے کیلئے ٹاسک فورس قائم

## فٹ پاتھوں، گرین بیلٹس، چلنے کی جگہوں اور گلیوں پر تجاوزات نے شہر کو خراب کر دیا ہے' مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سید مراد علی شاہ نے ٹاسک فورس تشکیل دیتے ہوئے ایک بار پھر شہر قائد سے تجاوزات اور غیر قانونی پارکنگ ہٹانے کا حکم دے دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق متعلقہ حکام نے بظاہر ان ہدایات پر کان نہیں دھرے تھے جو وزیر اعلیٰ نے تین ماہ قبل تمام شہری اور بلدیاتی اداروں اس تجاوزات کے خاتمے کے لیے دی تھیں۔ 12 جولائی کو مراد علی شاہ نے کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن، ٹاؤن میونسپل کارپوریشن اور سٹی انتظامیہ کو پولیس کے تعاون سے عوامی مقامات سے (بقیہ نمبر 50)

# ایس سی او اجلاس خطے کی ترقی، خوشحالی کی جانب قدم ہے' سیف الملوک

## ہمارا ملک ترقی کی منزلیں عبور کر کے اپنا کھویا ہوا مقام حاصل، ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا نظر آئے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس خطے کی ترقی اور خوشحالی کی جانب ایک قدم ہے اور روشن پاکستان کا ضامن ہے، پاکستان میں شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس عالمی برادری کیلئے ملک پاکستان کا ایک مثبت امیج ابھارہ ہے، قائد میاں محمد نواز شریف کے ویژن نے پاکستان کو عالمی تنہائی سے نکال کر ایک مضبوط سفارتی مقام دلایا۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس میں شرکت کے لئے آنے والے تمام ممالک کو تہہ دل سے خوش آمدید کرتے ہیں۔ جیسا کہ پوری دنیا کو پتہ ہے پاکستان ایک مہمان (بقیہ نمبر 51)

# انسداد پولیو مہم کو مؤثر بنانے کیلئے مائیکرو پلانز کو ڈیجیٹائز کرنے کا فیصلہ

## پولیو کے خاتمے کیلئے سائنسی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا، ٹرانزٹ پوائنٹس پر قطرے پلانے کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں

## جی آئی ایس بیسڈ نقشوں کی مدد سے انسداد پولیو مہم کی نگرانی کی جائے گی' چیف سیکرٹری پنجاب کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے انسداد پولیو مہم کو مؤثر بنانے کیلئے مائیکرو پلانز کو ڈیجیٹائز کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جی آئی ایس بیسڈ نقشوں کی مدد سے انسداد پولیو مہم کی نگرانی کی جائے گی، ڈیجیٹائزڈ مائیکرو پلانز پر عملدرآمد کا آغاز لاہور سے کیا جائے گا۔ فیصلہ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت اجلاس میں کیا گیا۔ سیکرٹری پرائمری ہیلتھ نادیہ ثاقب، کمشنر اور ڈپٹی کمشنر لاہور، پولیو کے خاتمے کیلئے کام کرنے والے بین الاقوامی (بقیہ نمبر 43)

# عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے 17 سالہ لڑکا جان کی بازی ہار گیا

## واقعے کے بعد عطائی ڈاکٹر محمد اشفاق فرار، گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے' پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) چوہنگ کے علاقہ میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے 17 سالہ لڑکا جان کی بازی ہار گیا، پولیس نے قتل خطا کی دفعات کے تحت ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق سمیرا بی بی اپنے بیٹے ابوبکر عمر کو علاج معالجہ کے لئے عطائی ڈاکٹر محمد اشفاق کے پاس لے کر گئی، ڈاکٹر نے ابوبکر کو غلط انجکشن لگایا جس سے اس کی حالت خراب ہوگئی۔ لڑکے کو (بقیہ نمبر 46)

کراچی، سندھ کے سنئیر وزیر شرجیل میمن میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

# چوہنگ میں 14 سالہ لڑکی سے زیادتی، سوتیلا باپ گرفتار

## ملزم لڑکی کا سوتیلا باپ ہے اور ایک سال سے زیادتی کر رہا تھا' پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) چوہنگ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 14 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والے سوتیلے باپ کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم لڑکی کا سوتیلا باپ ہے اور ایک سال سے زیادتی کر رہا تھا، ملزم کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹریس کر کے گرفتار کیا گیا۔ لڑکی کی طبیعت خراب ہونے پر ڈاکٹر کے پاس لے جایا گیا جہاں بچی کے ساتھ زیادتی کا معلوم ہوا، والدہ نے 14 سالہ (بقیہ نمبر 48)

# رمیش سنگھ اروڑہ کا فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز کا دورہ

## پنجاب ریجنل اسٹینڈنگ کمیٹی آن انٹر فیتھ ہارمنی کے اجلاس کی صدارت، اقتصادی ترقی پر تفصیلی بحث

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے دورے کے دوران پنجاب ریجنل اسٹینڈنگ کمیٹی آن انٹر فیتھ ہارمنی کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ایف پی سی سی آئی کے چیئرمین و وائس پریزیڈنٹ ذکی اعجاز، کنوینئر سلیم شاکر، ڈائریکٹر رابعہ ڈار اور دیگر ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی۔

لاہو، وزیر آبپاشی پنجاب کاظم علی پرزادہ آبپاشی سیکرٹریٹ میں چیف انجینئرز کانفرنس کی صدارت کررہے ہیں

### کراچی، ٹریفک حادثے میں باپ شیر خوار

### بیٹے سمیت جاں بحق، اہلیہ شدید زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں خوفناک ٹریفک حادثے میں باپ اپنے شیر خوار بیٹے سمیت جاں بحق ہوگیا جب کہ اس کی اہلیہ شدید زخمی ہو گئی۔ پولیس کے مطابق پورٹ قاسم آئل ڈپو کے قریب خوفناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، جس میں موٹر سائیکل پر سوار میاں بیوی اور شیر خوار بچہ شدید زخمی ہو گئے، جنہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے جناح ونجی اسپتال منتقل کیا گیا۔ انتہائی تشویش ناک حالت میں جناح اسپتال منتقل کیا جانے (بقیہ نمبر 45)

### جعلی ادویات سکینڈل دو

### مجرموں کو چھ سال سزا، پانچ

### کروڑ سے زائد جرمانے کی سزا

لاہور (این این آئی) عدالت نے جعلی ادویات کے اسکینڈل میں دو مجرموں کو چھ سال سزا اور پانچ کروڑ سے زائد جرمانے کی سزا سنا دی۔ ڈرگ کورٹ لاہور کے چیئرمین محمد نوید رانا نے فیصلہ سناتے ہوئے مجرم عامر سہیل اور ملک عبد الرؤف کو چھ سال قید کی سزا سنائی۔ عدالت نے مجرموں کو ثبوتوں اور شہادتوں کی روشنی میں سزا سنائی۔ پراسیکوشن کے مطابق دونوں مجرم قصور پتوکی حدود میں جعلی ادویات کرتے تھے۔

### بہاولپور، 2 موٹر سائیکلیں ٹکرانے کے بعد

### ٹریلر کے نیچے آگئیں، 4 افراد جاں بحق

بہاولپور (این این آئی) بہاولپور میں قومی شاہراہ پر 2 موٹر سائیکلیں ٹکرانے کے بعد ٹریلر کے نیچے آگئیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں 2 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے میں ایک خاتون زخمی بھی ہوئی ہے۔ حادثے میں زخمی ہونے والی خاتون کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ تمام لاشوں اور زخمی خاتون (بقیہ نمبر 49)

### بینکوں پر 197 ارب روپے اضافی

### انکم ٹیکس عائد ہونے کا امکان

کراچی (این این آئی) بینکوں کو اپنے بھاری منافع جات پر 197 ارب (بقیہ نمبر 33)

### (ن) لیگ کی سینیٹ میں

### پارلیمانی پارٹی کا اجلاس آج طلب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کی سینیٹ میں پارلیمانی پارٹی کا اجلاس (آج) جمعرات کو طلب کر لیا گیا۔ مسلم (بقیہ نمبر 32)

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351